ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ
تحفۂ فقیری
نایاب عملیات کا مخفی خزانہ
اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور ان کے سینوں میں موجود وہ نایاب مخفی خزینہ عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں موجود ہے جو عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اور بزرگوں سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے یہ مشکلات و پریشانیوں کے خاتمہ کے لئے فوری اثر دکھاتا اور حاجت روائی کیلئے تیر بہدف ہے
از
خادم الفقراء محمد جاوید قادری
الفیضان نظر
سید محمد علی شاہ مدنی قادری

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

تحفۂ فقیری

نایاب عملیات کا مخفی خزانہ

اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور اُن کے سینوں میں موجود وہ نایاب مخفی خزینہ عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں موجود ہے جو عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اور بزرگوں سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے یہ مشکلات و پریشانیوں کے خاتمے کے لئے فوری اثر دکھاتا اور حاجت روائی کیلئے تیر بہدف ہے

از

خادم الفقراء محمد جاوید قادری

بفیضانِ نظر

سید محمد علی شاہ مدنی قادری

فرید بک ڈپو (پرائیویٹ) لمیٹڈ

انتساب

ذاتِ کبریا ربِّ ذوالجلال والاکرام

کے نام

جو اپنے بندوں پر شفاء و رحمت کا نزول فرماتا ہے

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۸۶	جادو اور سحر سے نجات	۱۷۷
۸۷	بندش پیشاب کا خاتمہ	۱۷۸
۸۸	دشمن کی زبان بندی	۱۷۹
۸۹	دفع لکنت زبان	۱۸۰
۹۰	درد کمر کے لیے	۱۸۱
۹۱	شدید درد زچگی سے آرام	۱۸۲
۹۲	برائے بخار	۱۸۳
۹۳	اشارہ غیبی کے لیے	۱۸۵
۹۴	برائے اولاد نرینہ	۱۸۶
۹۵	جان و مال کی حفاظت	۱۸۷
۹۶	آسیب زدہ کا علاج	۱۸۸
۹۷	نشہ چھڑانے کا عمل	۱۹۰
۹۸	حفاظت سلامتی کے لیے	۱۹۰
۹۹	کثرت احتلام کے لیے	۱۹۱
۱۰۰	برائے زبان بندی	۱۹۲
۱۰۱	برائے دردِ گردہ	۱۹۳
۱۰۲	برائے نافرمان اولاد	۱۹۴

نمبر شمار	عنوان	صفحہ

نمبر شمار	عنوان	صفحہ

صفحہ	عنوان	نمبر شمار

صفحہ	عنوان	نمبر شمار
۳۳۷	شفائے دل کے لیے	۲۰۵
۳۳۹	برائے یرقان	۲۰۶
۳۴۰	فالج و پتّے کی پتھری کا علاج	۲۰۷
۳۴۱	نافرمان اولاد کے لیے	۲۰۸
۳۴۲	ذہن کی کشادگی کے لیے	۲۰۹
۳۴۴	تہجد پڑھنے کے لیے نیند کا کھُل جانا	۲۱۰
۳۴۵	موافقت زوجین کے لیے	۲۱۱
۳۴۶	دشمن کے درمیان جدائی ڈالنا	۲۱۲
۳۴۷	ناراض اولاد کو منانا	۲۱۳
۳۴۸	چغلخوروں سے حفاظت	۲۱۴
۳۴۹	معدہ اور پیٹ کا مرض	۲۱۵
۳۵۰	داد، چنبل	۲۱۶
۳۵۱	حصول دنیاوی امارت	۲۱۷
۳۵۳	برائے سر درد	۲۱۸
۳۵۴	آفات و بلیات سے حفاظت	۲۱۹
۳۵۵	لاعلاج بیماری سے شفا	۲۲۰
۳۵۶	مشورہ الٰہی	۲۲۱

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۷۳	بخار کے لیے	۴۳۰
۲۷۴	رعشہ کے لیے	۴۳۲
۲۷۵	پیاس شدت کے لیے	۴۳۳
۲۷۶	دیمک سے حفاظت کے لیے	۴۳۴
۲۷۷	بدہضمی کا علاج	۴۳۵
۲۷۸	بآسان ولادت	۴۳۶
۲۷۹	شفائے بیماراں	۴۳۸
۲۸۰	جن و آسیب کے لیے	۴۳۹
۲۸۱	ٹڈی دل کا خاتمہ	۴۴۰
۲۸۲	برائے سرسام	۴۴۱
۲۸۳	گھر میں پتھر پڑنا	۴۴۳
۲۸۴	برائے مسان	۴۴۴
۲۸۵	برائے نکسیر	۴۴۶
۲۸۶	کمر کے کھسکے مہرے کا علاج	۴۴۷
۲۸۷	راہ سلوک میں روحانی مدارج طے کرنا	۴۴۹
۲۸۸	اولاد نرینہ کے لیے	۴۵۱
۲۸۹	وباء طاعون وہیضہ کا علاج	″

صفحہ	عنوانات	نمبر شمار
۵۱۷	برائے آسیب کے لیے	۳۴۰
۵۱۸	درم پستان کے لیے	۳۴۱
۵۱۹	دشمن کو عاشق بنانا	۳۴۲
۵۲۱	آفات و بلیات سے حفاظت	۳۴۳
۵۲۲	دشمنوں میں تفریق ڈالنا	۳۴۴
۵۲۳	زہر کا علاج	۳۴۵
۵۲۵	فساد دشمن ختم کرنا	۳۴۶
۵۲۶	حل الحاجات	۳۴۷
۵۲۷	طلب فرزند کے لیے	۳۴۸
۵۲۹	اولاد کا زندہ نہ رہنا	۳۴۹
۵۳۰	تجارت میں برکت	۳۵۰
۵۳۲	دشمنوں پر غلبہ ڈالنا	۳۵۱
۵۳۳	دافع ارواح سلفیہ کے لیے	۳۵۲
۵۳۵	عورت کی سحری بندش	۳۵۳
۵۳۷	ظالم زمیندار سے بچاؤ	۳۵۴
۵۳۹	درد شقیقہ کے لیے	۳۵۵

نمبر شمار	عنوان	صفحہ

صفحہ	عنوان	نمبر شمار

استفادہ طلسمات سیارگان

پروف ریڈنگ

حافظ خادم حسین ندیم

مدرس جامعہ عربیہ تعلیم القرآن (گوجرہ)

نذرانۂ عقیدت

ے

نگاہِ حضوری میں تاثیر دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

الحاج شہزادہ مشتاق جہانگیری
عباسی، کشفی، قلندری

عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ جب اپنے بندوں میں سے کسی کو مشکل و آزمائش میں مبتلا کرتا ہے تو اس مشکل و پریشانی سے نکلنے کا سبب بھی خود ہی پیدا فرماتا ہے، بندوں کو اس بات کی توفیق عطا فرماتا ہے کہ وہ اس کے کلام پاک کی برکت سے اپنی مشکلات کا حل تلاش کریں، پریشانیوں سے نجات اور بیماریوں سے شفا حاصل کریں۔ بلاشبہ اسی ذاتِ باری تعالیٰ کی مدد شاملِ حال ہوتی ہے تو بندے کو ہر مقصد میں کامیابی ہوتی ہے اس کے بگڑے کام سنور جاتے ہیں۔

وہ فقراء جو بارگاہ الٰہی کے مقبول اور مستجاب الدعوات بندے ہیں ان بندوں پر اللہ رب العزت کا خصوصی فضل و کرم ہوتا ہے بے شمار لوگ ان کے مقام و مرتبہ سے آگاہ ہو کر ان فقیروں کے دَر پر حاضری کا شرف حاصل کر کے ان کے فیض سے مستفید ہونے کی سعادت پاتے ہیں۔ وہ فقیر جن کے سینوں میں نادر و نایاب عملیات کا ایک خزانہ مخفی ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول اور خلق خدا کی بھلائی کی خاطر اپنے

سلسلۂ فیض کو پریشان حال لوگوں کے لیے جاری وساری رکھتے ہیں ایسے ہی برگزیدہ فقیروں کے سینوں میں موجود وظائف، عملیات و تعویذات کے پوشیدہ خزانے کو کتاب ہذا کی زینت بنایا گیا ہے اور اس کی سعادت خادم الفقراء فقیر محمد جاوید قادری دامت برکاتہم العالیہ نے حاصل کی ہے۔

بڑی مدت سے یہ جستجو تھی کہ نایاب عملیات کا کوئی مخفی خزانہ دریافت کر کے منظر عام پر لایا جائے جو ہر مصیبت زدہ کی مصیبت کو دور کرنے میں معاون ہو، ہر بیمار کی بیماری کو ختم کرنے میں مددگار ہو۔ فراوانی رزق کے لیے خوب تر ہو، ہر پریشان حال کی پریشانی کے خاتمے کا سبب ہو، ہر مشکل کو آسان کرنے کا باعث ہو یعنی ہر جائز مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کا وسیلہ ہو چنانچہ ایک طویل عرصے کی شبانہ روز محنت و کوشش، فقراء کی خدمت اور اللہ رب العزت کی مہربانی کے طفیل مؤلف کو کامیابی حاصل ہوئی اور وہ اس عظیم خزانے کو ایک کتابی شکل میں ترتیب دینے میں کامیاب ہوئے۔

زیرِ نظر کتاب اُن نادر و نایاب عملیات و تعویذات سے مزین ہے جو بزرگوں سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوتے ہوئے مؤلف کتاب ہذا تک

پہنچے ہیں اور عمل کی کسوٹی پر کامیابی سے پرکھے گئے ہیں چونکہ یہ عملیات وظائف فقیروں کے معمولات میں شامل رہے ہیں اس لیے اسی مناسبت کے حوالے سے کتاب کا نام " تحفۂ فقیری " رکھا گیا ہے۔

کتاب ہٰذا سے ہر کوئی استفادہ حاصل کر کے اپنی دلی مراد پا سکتا ہے۔ مقدمات میں گھرے ہوئے، بیماریوں، رزق کی تنگی، آسیب و سحر میں مبتلا پریشان حال لوگوں کے لیے اس کتاب میں دیے گئے عملیات نہایت سریع الاثر اور مفید ہیں۔ زیرِ نظر کتاب ہر جائز مقصد میں کامیابی کے لیے رہنمائی فراہم کرتی ہے اور ہر ایک کے لیے لاجواب فقیری تحفہ ہے۔

مشتاق احمد

حرفِ ابتداء

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

شروع اس ذاتِ ربانی کے نام سے جو واحد یکتا، اپنی مخلوقات کے لیے رحمان، رحیم، شافی، کافی، ہمیشہ سے موجود اور ہمیشہ کے لیے قائم و دائم ہے جس نے اپنے حبیب لبیب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ظہور فرما کر اس کائنات پر احسان عظیم فرمایا اور پھر اپنی مخلوقات کے لیے اپنی رحمتِ خاص کا نزولِ بصیرت قرآن پاک فرمایا اور اس کو اپنی مخلوقات کی ہمہ تکالیف و بیماریوں کا اسم اعظم بنایا نیز اس کے ذریعے راہِ ہدایت سے روشناسی کرواتے ہوئے اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سیرت کو عملی نمونہ زندگی بنایا اور انسانیت کو گمراہی کی ضلالتوں سے نکال کر سیدھی راہ پر گامزن فرمایا۔

جہاں اس نے اپنے بندوں پر روزِ اوّل کے وعدہ قَالُوْا بَلٰی کے تحت آزمائش نازل فرمائی تو وہاں اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وساطت سے قرآن پاک کو نسخہ کیمیا کے طور پر استعمال کرنے کا گُر، سلیقہ بھی سکھلایا

تاکہ بندہ اپنی آزمائش میں بخوبی سرخرو ہوکر دائمی ازلی وابدی مسرتیں سمیٹ سکے اور اپنے دُکھ سُکھ اور اپنی ہر تکلیف کا قرآن پاک سے بخوبی استفادہ کرتے ہوئے باسانی ازالہ کرسکے۔ گویا کہ قرآن پاک سراسر رحمت اور مکمل کتاب شفاء ورحمت ہے لیکن اس سے شفا حاصل کرنے کے طور طریقے تعلیمات نبوی کی روشنی میں اصحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین نے بالخصوص اور اولیائے اُمّت نے بالعموم اخذ کیے اور لوگوں کی اس جانب رہبری و راہنمائی فرمائی اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس دُعا ذیل کو مطمح نظر ٹھہراتے ہوئے مخلوق خدا کے لیے بحرِ قرآن پاک سے شفایابی کے انمول موتی ڈھونڈ نکالے اور انہیں سے مخلوق خدا کی تمام ظاہری و باطنی امور و تکالیف زندگی کو سنوارا۔

دُعا رسُولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

"اے اللہ عزوجل! بیماری کو دُور فرما مریض کو شفائے کامل عطا فرما بے شک شفا بخشنے والی تیری ہی ذات مبارکہ ہے تو ہی شفا بخشنے والا ہے اور تیرے سوا کسی سے بھی شفا نہیں مل سکتی اے اللہ عزوجل ایسی شفا اپنے کلام پاک کے ذریعہ عنایت فرما کہ بیماری کا نام و نشان نہ رہے۔"

زیر نظر کتاب میں فقیر نے یہ اجازت اپنے بزرگان عظام، مُرشد پاک وہ نسخے شفاء بیان کئے ہیں جو آج تک سینہ بہ سینہ چلے آرہے ہیں اور جن کا حصول عام کتب عملیات، ظاہری ریاضات سے ممکن نہ ہے فقیر کو اپنے مُرشد پاک کی

نظرِ رحمت سے یہ سب کچھ حاصل ہوا ہے۔ اور اس معاملے میں قدم بہ قدم انہوں نے فقیر کی رہبری و راہنمائی فرمائی ہے اور فرما رہے ہیں کیونکہ آپ بحرِ علم روحانی کے درخشندہ ستارے ہیں اور آپ کا سینہ بے شمار علوم و فنون کا گہوارہ ہے۔ آپ کے بغیر فقیر کبھی بھی اس قابل نہ ہوسکتا تھا کہ روحانیت کے وسیع و عریض سمندر کی اتھاہ گہرائیوں سے راہ ہدایت و شفا کے انمول موتی رول سکتا۔ فقیر نے زیر نظر کتاب میں دیئے گئے ننانوے فیصد اعمال کی آزمائش کی ہے اور انہیں اپنے اپنے مقصد کے لحاظ سے خوب سے خوب تر پایا ہے۔ بے شمار لوگوں نے ان سے استفادہ حاصل کیا ہے اور اپنے مقاصد میں کامیابی پائی ہے۔

مشتاق بک کارنر کے مشتاق احمد صاحب کے کئی سال کے اصرار کے بعد بندہ نے اپنے بزرگوں اور مرشد پاک سے بصد اصرار بمشکل اجازت حاصل کی ہے اور ان کو منظر عام پر لانے کی سعی کی ہے میری دعا ہے کہ اللہ عزوجل اس کو قبول فرمائے اور اپنے بندوں کی شفایابی کا موجب اس کو بہ صدقہ جناب رسالتِ مآب احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بنائے۔

عاملین سے گزارش ہے کہ خدارا اس کو اپنا وسیلہ رزق نہ بنائیں بلکہ دکھی عوام کی خدمت کا ذریعہ بنائیں عام قارئین جو اس سے بخوبی استفادہ حاصل کرنا چاہیں تو وہ کتاب میں دیے گئے پیمانہ اوراد و وظائف پر سختی سے عمل پیرا ہوں تاکہ انہیں کسی بھی عمل میں ناکامی سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

فقیر نے حتی الوسع ہر عمل کی وضاحت کر دی ہے لیکن اگر کسی

معاملے میں دقت پیش آئے، تو فقیر سے رجوع کیا جا سکتا ہے حتی الوسع راہنمائی کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

آخر میں فقیر کی عاجزانہ التماس ہے کہ بعد از استفادہ و شغار فقیر اور فقیر کے مرشد پاک و بزرگان عظام کے حق میں دُعائے خیر سے نوازیں۔

——— دُعا کا طالب

فقیر محمد جاوید قادری

پیمانہ اَوراد و وَظائف و عملیات

● سب سے پہلے انسان کو اپنا یقین و توکل ذات باری تعالیٰ پر لوہے کی لٹھ کی مانند مضبوط کرنا چاہیئے اور اس بات کو دل و دماغ میں پختہ کر لینا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل ہی وہ ذات ہے جس کی طرف سے میرے اُوپر یہ آزمائش نازل ہوئی ہے اور وہی ذات اس ابتلا و آزمائش سے توسل آقائے رحمت حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نجات دینے والی ہے اور اس ابتلا و آزمائش میں وہی ذات کافی و شافی اور رحمان و رحیم و کریم ہے۔

● جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگا جائے وہ بوسیلہ محبوب رب العلمین جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم، آقائے رحمتِ دوجہاں مانگا جائے کیونکہ اس کے بغیر وہ التجا اور فریاد بارگاہ الٰہی میں نہیں پہنچتی فرمان ربی و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ کوئی دُعا یا فریاد اس وقت تک عرشِ الٰہی پر نہیں پہنچتی جس کے ہمراہ میرے اُوپر درود و سلام شامل نہ ہو وہ آسمان اور زمین کے درمیان لٹکی رہتی ہے اس لیے کثرت درود پاک اختیار کرنا بے حد ضروری ہے تاکہ شفاعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقدار بن جائیں۔

● رزق حلال کمائے اور رزق حلال کھائے حرام روزی سے بچے حرام لباس سے بھی بچنا ہے رزق حلال کے ضمن میں مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث

مبارکہ ہے کہ حضرت ابُوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس بدن کو حرام غذا دی گئی وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔

◐ اپنی جسمانی طہارت و پاکیزگی کا ہر طرح سے خیال رکھے مسلم شریف کی حدیث پاک ہے حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ پاکیزگی نصف ایمان ہے۔

◐ نماز پنجگانہ با جماعت کا پابند ہو۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ بتاؤ اگر تم لوگوں میں کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہ جائے گی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا ایسی حالت میں اس کے بدن پر کچھ میل باقی نہ رہے گا۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بس یہی کیفیت پانچوں نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے سب گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

◐ جھوٹ سے پرہیز کرے ہر معاملے میں سچ بولے کیونکہ جھوٹ بولنے کی عادت رُوحانی قوت کے حصول میں مانع ہے۔

◐ مسلم شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے اور جھوٹ بولنا فسق و فجور ہے اور فسق و فجور جہنم میں

ے جاتا ہے۔

◐ عمل پڑھتے ہوئے شیطانی وسوسے اور فاسد خیالات کو اپنے قلب سے دُور کیا جائے اور جس کام کے لیے پڑھ رہا ہے اوّل سے آخر تک اس کا خیال رکھے اور ترکیب عمل اچھی طرح سے معلوم کرے۔

◐ کسی جگہ تنہائی میں جو جگہ پاک صاف ہو وہاں پر بیٹھ کر عمل کرے اور کسی کو اس جگہ پر مداخلت نہ کرنی چاہیئے اپنے گھر کا ایک حصہ علیحدہ سے اس مقصد کے لیے منتخب کرے۔

◐ عمل کا آغاز کرتے ہوئے اور عمل ختم کرنے کے بعد کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے کہ فلاں کے لیے یہ عمل کیا ہے۔

◐ عامل ہر طرح کے ناجائز کام کرنے سے پرہیز کرے اور کسی انسان اور حیوان کو ناجائز تکلیف نہ دے۔

◐ فسق و فجور سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہے ورنہ اس کی محنت ضائع جائے گی اور خواہ مخواہ عامل اس عمل کی بدنامی کا باعث بنے گا۔

◐ باوضو ہو کر قبلہ رُخ بیٹھے قلب اور حوالی قلب میں جہاں تک ہو سکے خشوع و خضوع پیدا کرے ورنہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہو گی یعنی روحانی فیوض سے محروم رہے گا۔

◐ جس مقصد کے لیے یہ تعویذ دیا ہے جب وہ کام ہو جائے تو عامل تعویذ دیتے وقت ہدایت کرے کہ تعویذ کو قبرستان میں دفن کر دے یا جاری پانی میں ڈال دے

بے ادبی ہرگز نہ کرے۔

تکبّر، غرور، دھوکہ دہی، خود نمائی، غلبت، ریاکاری اور بے ہودہ باتوں سے سے عامل ہر وقت دُور رہے اور اس سے پرہیز کرے۔

نقش یا تعویذ کی جو زکوٰۃ یا ہدیہ مقرر ہو وہ عمل سے پیشتر لازمًا ادا کی جائے

عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر: سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھ کر اللہ تعالےٰ عزوجل سے توفیق، استعانت اور منظوری کے لیے سات یا گیارہ مرتبہ درُود ابراہیمی پڑھ کر اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام، آل اولاد و والدین نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام، اولیاء امت، مسلمین اور مسلمات اور اپنے والدین کو بخش کر بوسیلہ جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم آقائے دو جہاں انتہائی حضوری قلب اور خشوع و خضوع سے دُعا مانگیں اور پھر اس عمل یا وظیفہ کا ورد شروع کیا جائے تاکہ اس کے اثرات سے کما حقہ، فائدہ حاصل ہو سکے۔

بعد از حل و شفا ربندہ عاجز اور اس کے والدین اور بزرگان سلسلہ کے حق میں دُعائے خیر سے نوازیں۔

شکریہ!

محمد جاوید قادری

فقیری عملیات وتعویذات

شروع نام اللہ سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

① دردِ شقیقہ (نصف سر کا درد)

جو حضرات شدید دردِ شقیقہ میں ہر وقت مبتلا رہتے ہوں اور کسی طرح آرام نہ پاتے ہوں تو ان کے علاج کے لیے ذیل کا فقیری نسخہ عطیۂ روحانی سیدنا غوث الاعظم پیر دستگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بے حد مفید اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اور دردِ شقیقہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں انگشت شہادت سے سر کے درد والے حصے پر ذیل کا نقش ہوا بنائیں اور اس پر اسم مبارکہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم بحق اَللّٰہُ وَاحِدٌ شَافِیْ" بانوے مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ سر پر دم کرتے وقت اپنا دایاں ہاتھ کی ہتھیلی زور سے سر کے پچھلی جانب سے پیشانی کی جانب پھیریں، ایسا تین مرتبہ کریں تاکہ سر کے اندر موجود سارا درد پیشانی کی جانب لوٹ آئے۔

اب پیشانی پر دونوں کنپٹیوں کے درمیان انگشت شہادت سے ہی ذیل

کا دوسرا نقش بنائیں پھر پیشانی کو دونوں کنپٹیوں سے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلیاں سے زور سے پکڑیں اور پھر پیشانی کی اندر کی جانب کھینچتے ہوئے پیشانی کے وسط میں ناک کے پھندے کے اُوپر لا کر زور سے ہاتھ کو جھٹک دیں ایسا عمل تین مرتبہ کریں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم درد اسی وقت کافور ہو جائے گا۔ حفظ ما تقدم اس عمل کو دو مرتبہ مزید دُھرائیں تاکہ تازندگی سر درد شقیقہ سے چھٹکارا مل جائے۔ فقیر کا آزمودہ نہایت مجرب عمل ہے اور اس کی عام اجازت دی جاتی ہے شرط صرف یہی ہے کہ اس عمل کو پختہ یقین الٰہی سے کیا جائے۔

نقش اول:- سر کے درد والا حصہ کی جانب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

دوسرا نقش، پیشانی پر دونوں کنپٹیوں کے درمیان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اللہ یَا اللہ یَا اللہ یَا اللہ یَا اللہ یَا اللہ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم محمد صلی اللہ علیہ وسلم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(۲) بے شمار خوبیوں کا حامل عمل خاص

ذیل کا عمل بے شمار خوبیوں کا حامل ہے اور عطیہ روحانی شاہ اشرف سمنانی کچھوچھوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔ فقیر نے بے شمار مرتبہ اس کو آزمایا ہے اور مفید و نافع پایا ہے اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش مندرجہ ذیل طریقوں سے تیار کر کے استعمال میں لایا جائے۔

(۱) بیماری کے لیے

اس کے لیے اس نقش کو ماہ قمر عروج میں بروز سوموار ساعت قمر میں چاندی کے پترے پر کندہ کر کے اور اس پر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پہلا کلمہ ایک سو ایک مرتبہ اور الحمد شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے محفوظ کریں۔ مریض کیسے ہی مرض میں کیوں نہ مبتلا ہو اس نقش کو روزانہ عرق گاؤزبان میں دھو کر وہ عرق گاؤزبان مریض کو دن میں پانچ مرتبہ ان الفاظ کے ساتھ پلایا جائے۔

یَا اِلٰہِیْ شِفَاءٌ لَکَ این علۃ بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

اس کے علاوہ کالی مرچ سالم بسم اللہ شریف اکیس مرتبہ، پہلا کلمہ گیارہ مرتبہ اور سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں اور حسب ضرورت شہد کے ساتھ سات عدد مرچ صبح نہار منہ کھلائیں۔

انشاءاللہ العزیز الحکیم مریض بہت جلد بیماری سے صحت یاب ہو جائے گا بعداز صحت وتندرستی حسب توفیق نیاز پنجتن پاک پکا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

(ii) برائے نجات آسیب وغیرہ

اس مقصد کے لیے تانبے کے پترے پر اس نقش کو ساعت عطارد میں کندہ کروا کر اس پر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ، کلمہ طیبہ تین سو تیرہ مرتبہ الحمد شریف مبعہ وصل بسم اللہ شریف مریض کے نام کے اعداد کے مطابق جس میں آیت إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ہر مرتبہ اکتالیس مرتبہ دھرائی جائے پڑھ کر دم کر لیں اور اس کو سبز کپڑے کی تھیلی میں رکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دیں نیز مریض کو اکیس یوم تک تین سو تیرہ مرتبہ اسم الٰہی اَللّٰہُ عَلِیٌّ پڑھ کر پانی دم کر کے اس سے غسل بھی کروائیں

انشاءاللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض آسیب، بھوت، پریت وغیرہ سے چھٹکارا پا جائے گا۔ بعداز صحت نیاز مولا حسب توفیق پکا کر تقسیم کر دیں۔

(iii) برائے مرگی وغیرہ:۔

اس مقصد کے لیے عمل بالا (ii) کے مطابق نقش تیار کر کے اس کو ساعت عطارد میں سرخ رنگ کی تھیلی میں ڈال کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ مریض کو روزانہ سات یوم تک بِسْمِ اللّٰہِ ذَاتِ اَعْلٰی الرَّحْمٰنُ کُلَّ خَلْقٍ شَافِیْ،

بحق رحیمو" گیارہ مرتبہ پڑھ کر پہلے دائیں کان میں اور پھر بائیں کان میں باوضو حالت میں پھونک لگا دیں۔ اس نقش کو مریض کے گلے میں اکتالیس یوم تک پہنائیں رکھیں اکتالیس دن بعد اس کو اتار کر پانی سے دھو کر مریض کو پانی پلا دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مریض تا زندگی مرگی کے مرض سے محفوظ و مامون رہے گا۔

(۱۷) برائے جنون و ہذیان و پاگل پن :-

بمطابق عمل بالا (۱۱) نقش تیار کریں لیکن نقش کی پشت پر آیۃ الکرسی بھی کندہ کروائیں اور اس کو ساعت مریخ یا عطارد میں مریض کے گلے میں ہلکے سبز رنگ کے کپڑے کی تھیلی میں ڈال کر مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ گلے میں پہناتے وقت اکیاون روپیہ فقراء میں تقسیم کر دیں اس کے علاوہ ایک اور نقش باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے تیار کریں اور اس کو پانی کی بوتل میں ڈال دیں اس بوتل سے روزانہ مریض کو پانی ان الفاظ کے ساتھ صبح و شام پلایا کریں۔

یَا اِلٰھِی شِفَاءُکَ این علۃ جنون و پاگل پن بحق سیدنا محمد مصطفٰے احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نوٹ :- بوتل والا پانی گیارہ روز تک مریض کو پلانا ہے بعد میں نیا نقش تیار کر کے تازہ پانی بنانا ہے۔ اس طریق سے سات مرتبہ یہ نقش تیار کر کے کل ستتر دن پانی پلانا ہے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مریض اس بیماری سے ہمیشہ کے لیے چھٹکارا پا جائے گا

بعد از صحت یابی بارہ نوافل شکرانہ الٰہی اور حسب توفیق نیاز آقائے دو جہان صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر کے تقسیم کر دیں۔

(۲) برائے شفاء رُوحانی امراض:۔

رُوحانی امراض سے شفاء کے لیے اس نقش کو ساعت قمر میں سات عدد اس طریق سے تیار کریں کہ اول چار رکعت نماز نفل بہ نیت شفائے امراض روحانیہ اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں بعد از سلام پھیرنے کے بسم اللہ شریف گیارہ ہزار مرتبہ، کلمہ طیبہ گیارہ سو گیارہ مرتبہ، سُورہ فاتحہ بعہ وصل بسم اللہ شریف ایک سو گیارہ مرتبہ جس میں ہر مرتبہ آیت اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ کا ورد ایک سو گیارہ مرتبہ ہو پڑھ کر اس نقوش پر دم کریں اور اللہ عزوجل کے حضور دعا مانگیں۔

ہر گیارہ روز کے لیے ایک نقش پانی کی بوتل میں حل کر کے اس کو استعمال کریں اور اس طریق سے سات عدد نقوش کا پانی صبح و شام استعمال کرنے اور روزانہ رات کو بعد از نماز عشاء آیت مبارکہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ بحق بِسْمِ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ایک سو اکیس مرتبہ اول و آخر درُود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کریں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم بڑے سے بڑا رُوحانی مرض بفضلہٖ تعالیٰ ختم ہو جائے گا اور اندر حُب الٰہی پیدا ہو جائے گی۔ ہر جمعرات کو حسب توفیق نیاز بارگاہِ رسالتمآب صلی

اللہ علیہ و آلہ وسلم بتوصل اپنے مرشد پاک اور حضرت سید محمد اشرف سمنانی رحمۃ اللہ علیہ پیش کر دیا کریں اور اپنی تمام خطاؤں کی معافی بھی مانگا کریں۔ اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ امور شرعیہ اور اکل حلال کی پابندی اشد ضروری ہے نیز بعد از صحت یابی بارہ نوافل شکرانہ الٰہی بھی ادا کریں۔

اس کے علاوہ اس نقش کے اور بھی بہت سے فوائد فقیر کے مشاہدہ میں آئے ہیں جو بیان سے باہر ہیں (ان اعمال کی اجازت دی جاتی ہے) نقش

الحمد للہ رب العلمین ٥ الرحمٰن الرحیم ٥ ملك یوم الدین ٥ ایاك نعبد و ایاك نستعین ٥ اهدنا الصراط المستقیم ٥ صراط الذین انعمت علیهم غیر المغضوب علیهم ولا الضالین ٥ آمین ٥

۴ برائے ہمہ اقسام مہمات

(عطیہ از قاضی نورالٰہی نقشبندی، مظفر آباد)

ہمہ اقسام کی مہمات میں کفایت پانے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور سریع الاثر ہے اس مقصد کے لیے روزانہ فجر کی نماز کی سُنتوں اور فرضوں کے درمیان اوّل و آخر درُود شریف تسخیر گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں اُحِبُّ یَا جِبْرَئِیْلُ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ، جملہ حاجات (یہاں اپنی حاجات کا تصور رکھیں) رواں گردانی و مقصود مَاحسب الدعا بر آوراں گراں بحق یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَافِیْ یَا بَاقِیْ پڑھیں اور اللہ کے حضور دعا مانگیں یہی عمل بعد از نماز مغرب بھی کریں نیز ذیل کا نقش بھی بنا کر اس پر دم کریں انشاء اللہ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے مقصود بفضل الٰہی حاصل ہو گا بعد از جلّہ اس نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے بٹوے میں رکھیں اور روزانہ صبح و شام اس کا ورد اوّل و آخر درُود شریف تسخیر تین تین مرتبہ اور اس کلمات کا گیارہ مرتبہ جاری رکھیں تاکہ عمل کی تسخیر و اثر ہمیشہ جاری و ساری ہے۔ نقش یہ ہے نیچے درُود پاک تسخیر لکھیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا کافی

۶۶	۵۲۴	۱۹۴
۳۹۴	۲۶۴	۱۳۲
۳۲۸	احب یا جبرئیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جملہ حاجات رواں گردانی و مقصود ماحسب الدعا بر آوراں گراں بحق یا رحمٰن یا رحیم	۴۵۸

یا باقی

درود پاک تسخیر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَاَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ
عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَۃِ وَمَعْدِنِ
الْاَخْلَاقِ وَالْمُرُوَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمَوَدَّۃِ وَ
مَعْدِنِ التَّسْخِیْرِ وَالْمَحَبَّتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ
عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَ
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ہر روز جتنی تعداد پڑھے آخر میں یہ دعا
ضرور ملا کر پڑھے۔ یَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَۃِ وَالْاُلْفَۃُ فِیْ
اُلْفَۃِ اُلْفَتِکَ یَا مُؤَلِّفُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ
کَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ
سَخِّرْ فِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْرًا وَّوَجْھِیْ تَسْخِیْرًا وَّسَخِّرْ فِیْ
نَفْسِیْ تَسْخِیْرًا کَثِیْرًا دَآئِمًا یَا مُسَخِّرُ تَسَخَّرْتَ بِالتَّسْخِیْرِ
فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِکَ یَا مُسَخِّرُ ط

نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

④ حل المشکلات

ہر مشکل اور ناممکن صورتِ حال اور مہم کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور زود اثر ہے اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز فجر اول و آخر درود شریف ذیل چھیاسٹھ ۶۶ چھیاسٹھ ۶۶ مرتبہ اور بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا اللہ پاک کے حضور مانگیں بفضلہٖ تعالیٰ بہت جلد مقصود حاصل ہو اور پردہ غیب سے استمداد الٰہی ملے اور مشکل مشکل نہ رہے۔

درودِ پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ وَاَدْرِكْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ

دُعا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کُلُّ حَالٍ مَعْلُوْمٌ ؕ
رَحْمٌ کُنْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ؕ گیارہ مرتبہ۔

۵ ہر آزمائش سے نجات

دینی و دنیاوی آزمائشوں میں مبتلا حضرات کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور سریع الاثر ہے بالخصوص اس صورت میں جب ہر شخص منہ موڑ چکا ہو اور ماسوا اللہ عزوجل کوئی پرسان حال نہ ہو تو ایسے میں اس عمل سے استفادہ ضرور کریں۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش تانبے کے پترے پر ساعت شمس یا مشتری میں کندہ کروائیں۔

اب روزانہ طلوع آفتاب کے وقت اس کی طرف چہرہ کر کے کھڑے ہو جائے اس نقش کو اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر اس پر نگاہ مسلسل جمائے رکھیں اوّل و آخر درود شریف ذیل اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اسم الٰہی یَا قَدِیْرُ کا ورد سولہ سو مرتبہ کریں پھر ایک تسبیح ذیل کے کلمات پڑھیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا قَدِیْرُ قدرت تیری کی حکمت ہے نرالی
بے بسی میری دور فرما قدرت اپنی کا رنگ دکھلا
نجات دے مجھے اس مشکل سے یا مشکل کشا
بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

بعدازاں اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگیں اس عمل کو اکیس یوم تک بلاناغہ جاری رکھیں جیسے جیسے طلوع بلند ہوتا جائے گا مشکل اور مصیبت کے اندھیارے دُور ہوتے جائیں گے۔ اور رحمتِ الٰہی کا نزول جاری وساری ہوگا۔

بعداز نجات مشکل چار رکعت نفل شکرانہ الٰہی ادا کریں اور حسب توفیق نیاز حضور غوث الثقلین پکا کر تقسیم کر دیں اس نقش کو کسی سبز کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس بٹوے میں رکھ لیں تاکہ آئندہ کسی مشکل سے واسطہ نہ پڑے۔ آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔

دُرُودِ پاک

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّنَا یَا کَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ دَائِمًا دَائِمًا

نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ق	د	ی	د	اللہ
د	۸۱	۷۸	۷۱	۸۴
ی	۷۳	۸۳	۸۲	۷۷
د	۸۶	۷۳	۷۶	۷۹
اللہ	۷۸	۸۰	۵۸	۷۴

اجب عطرئیل بحق قاف قدیں

⑥ حصولِ منصب

حصولِ منصب یا عہدہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے باوضو حالت میں بنائیں اور اس پر ہر فرض نماز کے بعد اسم الٰہی مَلِكُ نوے مرتبہ پڑھ کر دم کیا کریں اور اسے اپنی ٹوپی یا عمامہ کے اندر رکھا کریں نیز اللہ عزوجل کے حضور دعا بھی مانگا کریں۔ انشاء اللہ العزیز مقصود بہت جلد حاصل ہوگا اور پھر اس منصب یا عہدہ پر ہمیشہ کے لیے برقرار رہیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

یا ملک — یا ملک

اجب دو مائیل بحق میم مَلِكُ

⑦ لوگوں میں قوت و ہیبت و مقبولیت پانا

لوگوں میں قوت و ہیبت و مقبولیت اور تسخیر خلائق جن وغیرہ کے لیے ذیل کا عمل آزمودہ اور مجرب ہے یہ عطیہ روحانی شاہ حسن سجزی رحمۃ اللہ علیہ ہے۔ اس مقصد کے لیے سب سے

پہلے اکل حلال اختیار کرے۔ امور شرعیہ کی پابندی کرے نماز پنجگانہ ادا کرے۔

پرہیز جمالی وجلالی اختیار کرے اور کوشش کرے کہ روزہ سے رہے۔

ساعت شمس نوچندی سوموار کو باوضو حالت میں سونے کی لوح پر ذیل کا نقش کندہ کرے اور اس کی پشت پر نقش درود پاک تسخیر کندہ کرے اور اس کے بعد نصف رات کو اٹھ کر تازہ غسل اور وضو کے ساتھ مقام تنہائی میں بیٹھ کر عمل اس طرح شروع کرے کہ اول وآخر درود شریف تسخیر اکتالیس اکتالیس مرتبہ اسم الٰہی يَا مَالِكُ چار ہزار مرتبہ اور آیت مبارکہ تین صد تیرہ مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا گیارہ مرتبہ پڑھے:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

دُرُودِ تسخیر

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَةِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرُوْءَةِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمَوَدَّةِ

وَمَعْدَنِ التَّسْخِيْرِ وَالْمَحَبَّتِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى
جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمَحْبُوْبِيْنِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

اور اس نقش پر دم کرے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم بینتالیس یوم کے عمل بلاناغہ سے مقصود حاصل ہو اور نظارہ الٰہی ہمیشہ کے لیے سامنے رہے گا مخلوق زیر ہوگی۔ مقبولیت بے پناہ ملے۔ رکے کام جاری ہوں گے، لوگوں میں ہیبت پیدا ہوگی ظالم زیر ہوں گے۔ الغرض لاتعداد فوائد حاصل ہوں گے۔

دُعا

يَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَةِ وَالْاُلْفَةُ فِيْ اُلْفَةِ الْفِتِكَ
يَا مُؤَلِّفُ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِيْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا سَخَّرْتَ
لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ فِيْ
لِسَانِيْ تَسْخِيْرًا وَّوَجْهِيْ تَسْخِيْرًا وَسَخِّرْ فِيْ نَفْسِيْ تَسْخِيْرًا
كَثِيْرًا دَائِمًا يَا مُسَخِّرُ تَسَخَّرْتَ بِالتَّسْخِيْرِ التَّسْخِيْرُ فِيْ
تَسْخِيْرِ تَسْخِيْرِكَ يَا مُسَخِّرُ۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیے

نقش یہ ہے

سامنے کی جانب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۳۰	۱۳	م
۳۳	ل	۲۷
لد	۴۷	۲۳

پشت کی جانب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۲۶۲۵	۲۶۱۱	۲۶۱۹	۲۶۲۲
۲۶۱۸	۲۶۲۳	۲۶۲۴	۲۶۱۲
۲۶۲۰	۲۶۱۷	۲۶۱۳	۲۶۲۷
۲۶۱۴	۲۶۲۶	۲۶۲۱	۲۶۱۶

قل اللھم ملک الملک تؤتی الملک
من تشآء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشآء وتذل من تشاء بیدک الخیر
انک علیٰ کل شیءٍ قدیر ۰ تولج الیل فی النھار وتولج النھار فی الیل وتخرج
الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء بغیر حساب ۰

⑧ کینسر کا علاج

کینسر کے علاج کے لیے ذیل کا عطیہ محمد ابراہیم قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بعد از نماز عصر سفید کاغذ پر بنائیں اور اس کو عرق گاؤزبان کی بوتل میں ڈال لیں اس پانی پر اول و آخر درود شفاء

اکتالیس اکتالیس مرتبہ، سورۂ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ،
آیاتِ شفاء اکتالیس مرتبہ اور پہلا کلمہ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔
اس عرق کو مریض کو صبح و شام پانچ گھونٹ کر کے پلائیں پلاتے وقت یہ
الفاظ دہرائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ کَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ مُعَافِیْ سبحٰن

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ه					لَآ اِلٰہ
	١٣٦	١٤٩	١٥٣	١٣٩	اِلَّا اللّٰہ
ه	١٥٢	١٤٠	١٤٥	١٥٠	مُحَمَّد
ں	١٤١	١٥٥	١٤٧	١٤٤	رَّسُوْل
ا	١٤٨	١٤٣	١٤٢	١٥٤	اللّٰہ
ه					

انشاء اللہ العزیز الحکیم نوے دن کے عمل مسلسل سے کینسر سے مکمل نجات مل جائے
گی بعد از شفاء نیاز پاک حضور غوث الاعظم دستگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حسب توفیق
تقسیم کر دیں نیز آٹھ عدد نفل شکرانہ الٰہی بھی ادا کریں۔

۹ رحمتِ الٰہی کا حصول

جس کسی کو رحمتِ الٰہی کی خواہش ہو تو اس شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ روزانہ بعد نماز عصر اوّل و آخر درود شریف ابراہیمی سات، سات مرتبہ، ایک مرتبہ سورۂ رحمٰن اور اکیس مرتبہ یہ کلمات

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الرَّحِيْمِ

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَرِيْمِ الْحَكِيْمِ

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللَّطِيْفِ الْخَبِيْرِ

پڑھ کر یہ دعا پڑھیں

يَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ يَا مُفْلِحُ اَفْلِحْ يَا مُفَرِّجُ يَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ يَا مُيَسِّرُ يَسِّرْ يَا مُعَمِّمُ عَمِّمْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔

نیز ذیل کا نقش چاندی کی لوح پر شرف قمر میں بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اللہ رب العزۃ اپنی خصوصی رحمت سے نوازیں گے آزمودہ ہے۔

نقش یہ ہے

⑩ مصیبت و مشکل سے نجات

مصیبت و مشکل شدید سے نجات کا ذیل کا عمل از عطیہ روحانی سید غوث علی شاہ قلندر پانی پتی از حد اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش ساعت مشتری میں سیسے کی تختی پر کندہ کروائیں اور اس پر اوّل و آخر درود شریف تخمیناً اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور آیت کریمہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

دو ہزار تین سو چھ ہتر مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو اپنے پاس حفاظت سے سبز کپڑے میں لپیٹ کر رکھیں۔

روزانہ بعد از نماز عشاء ہر روز اوّل و آخر درود شریف تخمیناً اور آیت کریمہ

اکیا دن مرتبہ پڑھ کر اللہ عزوجل کے حضور دعا مانگیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد مصیبت و مشکل سے نجات کلی مل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۴۸۱	۴۸۷	۴۶۲	۴۶۹	۴۷۵
۴۶۳	۴۷۰	۴۷۶	۴۸۲	۴۸۳
۴۷۷	۴۷۸	۴۸۴	۴۶۴	۴۷۱
۴۸۵	۴۶۵	۴۷۲	۴۷۳	۴۷۹
۴۶۸	۴۷۴	۴۸۰	۴۸۶	۴۶۶

لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین

نقش معظم (۱۱)

ذیل میں نقش معظم اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیا جا رہا ہے۔

——————(اخذ کردہ از شمس المعارف بونی رحمۃ اللہ علیہ)

اس کے فوائد بے شمار ہیں جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

۱- رزق میں بے پناہ اضافہ

۲- کاروبار اور گھر ہر قسم کی آفات سے محفوظ و مامون رہے۔

۳- اس کا عامل کبھی محتاج نہ ہو

۴- کسی بھی قسم کی مشکلات سے دوچار نہ ہو۔

۵- ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ و مامون رہے۔

۶- حصول علم حاصل ہو۔

۷- نیک مقاصد میں کامیابی ملے۔

اس کے لیے اس نقش مبارک کو شرف قمر میں ساعت قمر میں اس وقت چاندی کی لوح پر تیار کریں جبکہ وہ ہر قسم کی نظر تسدلیس درجعت سے پاک ہو۔ اس وقت میں دوسرا نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب و مشک سے تیار کریں۔ پہلے نقش کو اپنی جائے تجارت یا گھر میں لٹکا دیں اور دوسرا نقش سیاہ عقیق کے نگینے کے نیچے رکھ کر ساڑھے چار ماشہ کی چاندی کی انگوٹھی میں بند کر لیں اس انگوٹھی پر اول و آخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ، ستر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور ستر مرتبہ پہلا کلمہ، اسم محمد "سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ" صلی اللہ علیہ وسلم آٹھ ہزار چار سو چونسٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنی انگشت شہادت میں ڈالیں۔

انگشتری ڈالنے سے پہلے ہدیہ نقوش ایک سو ایک روپیہ فقراء میں تقسیم کر دیں۔

حسب ضرورت اپنی جان و مال کا صدقہ بھی دیں۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَافِیْ

جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

نقش

⑫ چشمِ خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں عزت و تکریم پانے کے خواہاں حضرات کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر اعظم ہے۔

(عطیہ محمد اقبال قادری رحمۃ اللہ علیہ)

اس کے لیے ذیل کا نقش چاندی کی لوح پر ساعت مشتری میں کندہ کروائیں اور اس لوح کو روزانہ طلوع آفتاب سے پہلے دائیں ہاتھ پر رکھ کر نہایت توجہ اور یکسوئی سے اس پر نگاہ جما کر اوّل و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور اسم مبارک سَیِّدُنَا اَلْاَحْشَمُ صلی اللہ علیہ وسلم تین سو انچاس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد چشم خلائق میں عزت و مرتبت، رعب و دبدبہ پیدا ہو جائے گا اور رجال بھی جائے گا لوگ اس کی عزت و احترام کریں گے۔ اور اس کی بات توجہ سے سنیں گے۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

نقش :-

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَیِّدُنَا

سَیِّدُنَا

۱۳ ابلیس اور دشمنوں کے ظلم و شر سے حفاظت

ابلیس شیطان اور دشمنوں کے ظلم و شر سے حفاظت کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔ (عطیہ محمد اقبال قادری رحمۃ اللہ علیہ)

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے تین تین مرتبہ کاغذ پر بوقت چاشت بنائیں اور اس پر اس اسم مبارک سَیِّدُنَا صَاحِبُ السَّیۡفِ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا بتیس سو دس مرتبہ مع اول و آخر درود شریف تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے گلے میں اس طرح پہنیں کہ نقش ہمیشہ دل کے مقام پر پڑا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ابلیس اس کی ذریات اور

کل دشمنوں سے حفاظتِ الٰہی میں رہیں گے۔ نقش یہ ہے

*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

سَیِّدُنَا سَیِّدُنَا سَیِّدُنَا سَیِّدُنَا

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ السَّیْفِ صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ السَّیْفِ صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ السَّیْفِ صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ السَّیْفِ صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ السَّیْفِ صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ السَّیْفِ صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ السَّیْفِ صلی اللہ علیہ وسلم

سَیِّدُنَا سَیِّدُنَا سَیِّدُنَا سَیِّدُنَا

(١٤) امراضِ شکم

امراضِ شکم میں مبتلا افراد کے لیے ذیل کا عمل عطیہ از محمد ابراہیم ناچیز قادری رحمۃ اللہ علیہ حسب ذیل ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کریں اور اسے شہد سے دھو کر اوپر گیارہ بار درُود تنجینا پڑھ کر دم اور مریض تین یوم استعمال کرے انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم امراض شکم سے نجات پائے گا۔

۷۸۶

۳۶۳۵	۳۶۲۲	۳۶۲۹	۳۶۲۴
۳۶۲۸	۳۶۲۵	۳۶۳۴	۳۶۲۳
۳۶۲۶	۳۶۳۱	۳۶۲۰	۳۶۳۳
۳۶۲۱	۳۶۳۲	۳۶۲۷	۳۶۳۰

(۱۵) دفعیہ سحر کیلئے

سحر زدہ افراد کے لیے ذیل کے نقش پر درُود پاک قرآنی و چار قل نہایت ہی اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اور عطیہ سید عترت علی شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔
بروز سوموار آفتاب نکلنے سے ایک گھنٹہ کے اندر اندر ذیل کے دو نقوش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان پر سورہ چار قل اکیس مرتبہ اور درُود پاک قرآنی

۷۸۶

۵۳۳۰	۵۳۳۳	۵۳۳۷	۵۳۲۳
۵۳۳۶	۵۳۲۴	۵۳۲۹	۵۳۳۴
۵۳۲۵	۵۳۳۹	۵۳۳۱	۵۳۲۸
۵۳۳۲	۵۳۲۷	۵۳۲۶	۵۳۳۸

ایک ۔ سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

ان میں سے ایک نقش خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرا نقش روغن کلونجی میں حل کر کے اس کی مالش مریض کے سر، پیشانی اور دل و سینہ کے مقام پر کریں دو گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے صاف کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تمام سحر بحکم الٰہی رفع ہو جائے گا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ یہ عمل اکیس یوم تک مسلسل جاری رکھیں۔

(١٦) برائے غناء

رزق میں اضافہ اور فقر و فاقہ سے ہمیشہ کے لیے نجات پانے کے لیے ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے۔ عطیہ سید ظہیر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

باوضو حالت میں ساعت شمس میں سفید کاغذ پر مشک و زعفران و گلاب سے تحریر کر کے اس کو خوشبو لگائیں لیکن یہ کام بروز نوچندی سوموار کو کریں اور اس پر دُرود خاص ایک سو ایک مرتبہ اور دُرود پاک قرآنی تین سو تیرہ مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور پھر اس کو موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت رزق میں اضافہ ہو گا اور فقر و فاقہ سے رفتہ رفتہ نجات ملتی جائے گی۔ بے حد مجرب اور آزمودہ ہے۔

دُرُود پاک قرآنی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ

فِی جَمِیعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَ بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا۔

دُرود پاک تسخیر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَ اَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ التَّسْخِیْرِ وَ الْمَحَبَّتِ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَ الْمَحْبُوْبِیْنَ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ہر روز جتنی تعداد پڑھے آخر میں یہ دُعا ضرور ملا کر پڑھے۔

یَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَۃِ وَ الْاُلْفَۃُ فِی الْفَۃِ الْفَتِکَ یَا مُؤَلِّفُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ فِیْ عَلَیَّ تَسْخِیْرًا وَّ سَخِّرْ فِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْرًا وَ جْھِیْ تَسْخِیْرًا وَ سَخِّرْ فِیْ نَفْسِیْ تَسْخِیْرًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا دَائِمًا یَا مُسَخِّرُ سَخِّرْ بِالتَّسْخِیْرِ فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِکَ یَا مُسَخِّرُ۔

﴿۱۷﴾ ہر مقصد کے لیے

ہمہ اقسام مقاصد دینی اور دنیاوی کے لیے عطیہ روحانی حضور غوث پاک

دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذیل کا عمل حاجت براری کے لیے بے حد آزمودہ اور لاجواب ہے۔

اس مقصد کیلئے ذیل کا نقش قصیدہ غوثیہ اور درُود پاک غوثیہ باوضو حالت میں ساعت مشتری یا زہرہ میں سفید کاغذ پر بنائیں اسے صندل کی خوشبو لگائیں اور اس پر قصیدہ غوثیہ گیارہ مرتبہ بمعہ اوّل و آخر درُود پاک غوثیہ اکیادن، اکیادن مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھیں باندھنے سے قبل نیاز حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ضرور تقسیم کریں تاکہ نقش کی برکات جلد ظاہر ہوں اور ہمہ اقسام کی دینی و دنیاوی مشکلات حل ہو جائیں۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۱۴۸۲	۳۱۴۷۴	۳۱۴۷۹
۳۱۴۷۶	۳۱۴۷۸	۳۱۴۸۱
۳۱۴۷۷	۳۱۴۸۳	۳۱۴۷۵

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ
وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ ۝

(۱۸) حل المشکلات

حل المشکلات کے لیے ذیل کا عمل صوفی عطا محمد خیر آبادی بے حد مجرب اور

آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لیے شرف شمس میں نیک ساعت میں ذیل کا نقش چاندی کی لوح پر کندہ کروائیں اور اس پر سبز کپڑا لپیٹ کر اپنے بٹوے میں رکھیں۔ اس کا ہدیہ اکتالیس روپے فقراء میں تقسیم کر دیں۔

۷۸۶

۴۱۴۰۲	۴۱۴۰۵	۴۱۴۰۹	۴۱۲۹۵
۴۱۴۰۸	۴۱۳۹۶	۴۱۴۰۱	۴۱۴۰۶
۴۱۳۹۷	۴۱۴۱۱	۴۱۴۰۲	۴۱۴۰۰
۴۱۴۰۴	۴۱۳۹۹	۴۱۳۹۸	۴۱۴۱۰

۵۵۹
۵۵۴ ۵۶۱
۵۶۲ ۵۵۸ ۵۵۵
۵۵۶ ۵۶۳
۵۵۷

⑲ پستانوں میں دُودھ کی کمی و خشکی دُور کرنا

جس کسی زچہ کے پستانوں میں دُودھ خشک ہو چکا ہو یا بے حد کم ہو گیا ہو جس سے ماں کو بچے کو دُودھ پلانے میں شدید پریشانی کا سامنا ہو تو ایسے میں باوضو حالت میں ذیل کا نقش دو عدد زعفران و گلاب سے تیار کریں اور ان پر دُرود شفاء اور آیت مبارکہ زیرِ نقش ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس میں سے ایک نقش خوشبو لگا

کر موم جامہ کر کے زچہ کے گلے میں ڈالیں دوسرا نقش پانی کی بوتل میں حل کر کے سات یوم تک صبح وشام زچہ کو یہ پانی پلائیں اور سات یوم تک ہی اس پانی سے اس کے پستان صبح وشام اچھی طرح دھوئیں دھودن والا پانی سبز پودوں میں ڈالیں یا پھر دیواروں پر چھڑک دیں۔ تاکہ اس پر پاؤں نہ پڑیں اس نقش کا ہدیہ اکیس روپیہ فقراء میں تقسیم کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے پستان کی تمام شکایات بفضلہٖ تعالیٰ دُور ہو جائیں گی اور پستانوں سے دُودھ خُوب آئے گا اور بچے کی حاجت پوری ہوگی۔ آزمودہ اور مجرب ہے نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

٨٨٥ / ٥٦٢ / ١٨	٨٢٨ / ٥٦٣ / ١١	٨٨٣ / ٥٦٩ / ١٦
٨٨٠ / ٥٦٨ / ١٣	٨٨٢ / ٥٦٦ / ١٥	٨٨٤ / ٥٦٣ / ١٢
٨٨١ / ٥٦٣ / ١٣	٨٨٦ / ٥٧٠ / ١٠	٨٧٩ / ٥٦٥ / ١٢

مثل الجنۃ التی وعد المتقون فیھا انھر من ماءٍ غیر اٰسنٍ ج وانھرٌ من لبنٍ لم یتغیر طعمہٗ وانھر من خمرٍ لذۃٍ للشربین ۚ وانھرٌ من عسلٍ مُصفًّی ط

(۲۰) تنگی فقر و فاقہ سے نجات

ذیل کا عمل عطیہ محمد حیات بخش سہروردی اٹک کا ہے اور تنگی رزق و فقر و فاقہ کے لیے آزمودہ ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر باوضو حالت میں لکھیں اور اس پر ذیل کا درود پاک تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور خوشبو لگا کر دائیں بازو پر باندھیں اور کھلا ہر وقت یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ، یَا رَزَّاقُ پڑھا کریں۔
انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد فقر و فاقہ دور ہو جائے گا

کھیعص ۷۸۶ کھیعص

۱۴۲۹	۱۴۳۲	۱۴۳۵	۱۴۲۲
۱۴۳۴	۱۴۲۳	۱۴۲۸	۱۴۳۳
۱۴۲۴	۱۴۳۷	۱۴۳۰	۱۴۲۷
۱۴۳۱	۱۴۲۶	۱۴۲۵	۱۴۳۶

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ ۝ اَللّٰھُمَّ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ
اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

(۲۱) برائے شفاء

شفاء کے لیے عطیہ جلال الدین سرخ بخاری رحمۃ اللہ علیہ بے حد مفید اور اکسیر ہے روزانہ بعد از نماز فجر، عصر اور مغرب تین مرتبہ اول و آخر درود شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ اور رباعی ذیل سات مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کریں انشاء اللہ العزیز الحکیم سات سے گیارہ یوم تک ہر قسم کے بخار سے بفضلہ تعالیٰ شفاء ملے گی۔ آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔

رباعی:- اے در صفت ذات تو حیران کہ و مہ
وز ہر دو جہان خدمت درگاہ تو بہ
علت تو ستانی و شفاء ہم تو اہی
یارب تو بفضل خویش بستان دبدبہ

(۲۲) برائے نسیان

نسیان کے مرض میں مبتلا افراد کے لیے فقیر کا خود اخذ کردہ ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس کے لیے روزانہ باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے چینی کی طشتری پر ذیل کا نقش بنائیں اس کو شہد کے شربت سے دھو کر نہار منہ پی لیں۔ یہ عمل

اکتالیس یوم جاری رکھیں اس کے علاوہ اس دوران درُود پاک ذیل کو بعداز نماز عشار ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم بھی کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت نسیان کا مرض رفع ہو جائے گا اور ایک بار سنی ہوئی بات کبھی بھی نہ بھولنے پائے گی۔

نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۴۵۴	۴۴۶	۴۵۲
۴۴۸	۴۵۱	۴۵۳
۴۵۰	۴۵۵	۴۴۷

محمد قاسم

درُود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ کَمَا لَانِھَایَۃَ لِکَمَالِکَ وَعَدَدِ کَمَالِہٖ۔

(۲۳) برائے آسیب و نظر بد

ذیل کا عمل برائے دفعیہ آسیب و نظر بد عطیہ رُوحانی موسیٰ خراسانی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ بے حدلا جواب اور اکسیر ہے فقیر نے اسے کئی بار آزمایا ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید ریشمی پارچہ پر ساعت

عطار دمیں بنائیں اسے خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے گلے میں پہن لیں پہننے سے قبل اس پر معوذتین ایک سوایک مرتبہ اور اول و آخر درود شفاء اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور نیاز شاہ احمد سہروردی باکمال رحمۃ اللہ علیہ حسب توفیق بچوں میں تقسیم کر دیں ضروری ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

661 (۶۶۱) / 3689 (۳۶۸۹)	۶۶۴ / ۳۶۹۲	۶۶۷ / ۳۶۹۵	۶۵۴ / ۳۶۸۲
۶۶۶ / ۳۶۹۴	۶۵۵ / ۳۶۸۳	۶۶۰ / ۳۶۸۸	۶۶۵ / ۳۶۹۳
۶۵۶ / ۳۶۸۴	۶۶۹ / ۳۶۹۷	۶۶۲ / ۳۶۹۰	۶۵۹ / ۳۶۸۷
۶۶۳ / ۳۶۹۱	۶۵۸ / ۳۶۸۶	۶۵۷ / ۳۶۸۵	۶۶۸ / ۳۶۹۶

بحق شاہ احمد سہروردی باکمال وایں نقش ہر قسم آسیب و نظر بد و ہر مرض درد وجود ایں را دفع شود، دفع شود، دفع شود و بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ؕ

(۲۴) نقش اسمِ اعظم

اخذ کردہ از شمس المعارف بونی رحمۃ اللہ علیہ عطیہ از سید کبیر رحمۃ اللہ علیہ بذریعہ امام خوارزمی زیر نگرانی اپنے روحانی مرشد حضور سیدنا غوث الاعظم رضی

اللہ تعالیٰ عنہ۔ (نوٹ) فقیر نے اس کو بعض مواقع پر آزمایا ہے اور اس سے بے پناہ فوائد رُوحانی حاصل کئے ہیں۔

اسم اعظم کے فوائد دُنیاوی:۔

(۱) اعلیٰ حکام سے مطلب برآوری کے لیے اس نقش کو مشک و زعفران سے سفید ریشم کپڑے پر لکھیں، خوشبو لگائیں اور اس پر سورۂ فاتحہ بعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، اسم الٰہی اللہ چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ مرتبہ اوّل و آخر درُود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس کو موم جامہ کر کے اپنی ٹوپی یا عمامہ کے اندر رکھ کر حکام بالا کے پاس جاتے ہوئے پہلے الحمد شریف اور پھر آیت الکرسی سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لگائیں اور پھر کھلا اسم الٰہی اللہ کا ورد کرتے ہوئے جائیں انشاء اللہ العزیز الحکیم حاکم نہایت عزت و احترام سے پیش آئیں گے اور جائز حاجت بر لائیں گے۔

دُرود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ‌النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِكَ ۝

(ii) **تسخیر خلق :** اس کے لیے ہر روز با طہارت اس نقش مبارک کی زیارت صبح سورج طلوع وقت اس کی طرف رُخ کر کے کرے اور اس وقت سورہ الحمد شریف و آیت الکرسی اکیس اکیس مرتبہ اور اسم اللہ چھیاسٹھ مرتبہ بمعہ دُرود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے تو بفضلہ تعالیٰ بہت جلد مخلوق مقبول خدا بن جائے ہر شخص نہایت عزت و آبرو سے پیش اور دلی محبت کی نگاہ سے دیکھے اور ہر جائز امر و حکم بجا لائے۔

(iii) **وضع حمل میں آسانی :** اس کے لیے اس نقش کو ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے بنا کر اس پر سورہ الحمد شریف اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، اسم الٰہی اللہ گیارہ سو مرتبہ، اوّل و آخر دُرود شفار اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے حاملہ عورت کے گلے میں ڈالیں، وضع حمل بفضلہ تعالیٰ نہایت آسانی سے ہو اور زچگی کی تکالیف سے عورت محفوظ و مامون رہے۔

(iv) **برائے مرگی :-** اگر مرگی والے کو ہرن کی جھلی پر زعفران و گلاب سے بنا کر اس پر ایک سو ایک سورۂ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف، آیت الکرسی ایک سو ایک مرتبہ، اسم الٰہی اللہ چھ سو چھیاسٹھ مرتبہ بمعہ اوّل و آخر دُرود شریف ہزارہ اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اس کے گلے میں باندھیں تو مرگی والے مریض کو شفاء کاملہ حاصل ہو

(۷) **آسیب زدہ، جنّات و بھوت وغیرہ** اس نقش کو ہرن کی جھلی پر زعفران وگلاب

سے بنا کر اس پر الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف تین سو تیرہ مرتبہ، آیت الکرسی

ایک سو ایک مرتبہ جس میں جزو آیت وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ

الْعَظِيْمُ ہر مرتبہ سات دفعہ دھرانا ہے اوّل و آخر درود شریف قرآنی پڑھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا

فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ

اَلْفًا اَلْفًا۔ پڑھ کر دم کریں خوشبو لگائیں موم جامہ کر کے مریض کے گلے

میں ڈالیں اور اس کے کانوں میں اللہ اکبر کی صدائیں لگائیں انشاء اللہ العزیز

الحکیم آسیب، جن، بھوت، پریت وغیرہ بھاگ جائے گا اور دوبارہ نہ آئے گا۔

(۷/۱) **گھر کو جنّات سے پاک کرنا:** عمل نمبر (۷) کی طرح پانچ عدد نقوش

تیار کریں۔ ہر ایک کو گتے پر چسپاں کر کے ایک ایک نقش گھر کی چاروں دیواروں

اور ایک نقش گھر کے مین دروازے کے اوپر لٹکا دیں نیز سات یوم تک گھر میں آذان

بلند بوقت زوال اذان بھی دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم وہ گھر ہمیشہ کے لیے جنات

بھوت پریت سے ہمیشہ کے لیے پاک جائے گا۔

(۷/۲) **حل المشکلات** شدید قسم کی مشکلات کے حل کے لیے عمل بالا کی

طرح نقش تیار کرکے موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور روزانہ رات کو دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھ کر اللہ عزوجل کے حضور دعا مانگیں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھنا ہے بعد از سلام پھیرنے کے اوّل و آخر درود شریف تنجینا اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور اسم الٰہی اللہ کا چار ہزار تین سو چھپن مرتبہ پڑھ کر دعا مانگنا ہے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے وہ مشکل حل ہو جائے گی

لا علاج امراض:-

وہ تمام امراض جن سے ڈاکٹر حکیم تنگ آچکے ہوں اور انہیں لاعلاج قرار دے چکے ہوں تو ایسے میں اس نقش کو بروز ہفتہ ساعت شمس میں شیشے کی پلیٹ پر زعفران و گلاب سے بنائیں پھر شہد کے شربت سے اس کو دھوئیں اور شربت روزانہ مریض کو صبح و شام سات یوم تک ان الفاظ کے ساتھ استعمال میں لائیں یا الٰہی شفاءُکَ ایں علتہ بحق اسم اعظم و ایں سورۂ ہائے

تین تا سات ہفتے تک مسلسل اس طریقہ سے شہد والا شربت استعمال میں لانے سے اس مرض کا نام و نشان جڑ سے ختم ہو جائے گا اور آئندہ کبھی بھی کوئی مرض لاحق نہ ہوگا بعد از شفاء آٹھ نفل شکرانہ ادا کریں اور نیاز تحفہ ہدیۃ حضور رسول اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام پیش کرکے تقسیم کر دیں۔

(۱۰) رُوحانی مدارج کے لیے

اس نقش کو ساعت شمس میں چاندی کی لوح پر باوضو حالت میں کندہ کروائیں اور پھر اس نقش کو رات کو بعد از نماز عشاء اپنے سامنے رکھ کر اوّل و آخر دُرود شریف تنجیز اکیس اکیس مرتبہ، سورہ فاتحہ مع بسم اللہ شریف اور آیت الکرسی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسم الٰہی اللّٰہ کا ذکر اس قدر کثرت سے کریں کہ حال غالب آجائے اور اپنی ہوش نہ رہے لیکن اس سے پہلے یہ دُعائے خلوت خشوع و خضوع سے ضرور سات مرتبہ مانگیں پھر نظارہ الٰہی اور روحانی کشف سے مستفید ہوں لیکن یاد رہے کہ یہ کام خلوت میں کیا جائے اور پرہیز جلالی و جمالی، امورِ شرعیہ اور نماز پنج وقتہ کی پابندی کی جائے۔

دُعائے خلوت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَا سَئَلَكَ بِہٖ جِبْرَئِیْلُ عِنْدَ عَرْشِكَ

الْعَظِیْمِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِكَتَكَ الْكِرَامَ خُدَّامَ ھٰذِہِ

الْاَسْمَآءِ، اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ كَسْفِیَائِیْلَ وَدَرْدِیَائِیْلَ

وَشَخِیَائِیْلَ وَطَرْطِیَائِیْلَ وَرُوقِیَائِیْلَ وَسَمْعِیَائِیْلَ

وَطُغْنَائِیْلَ وَجِبْرَائِیْلَ وَمِیْكَائِیْلَ وَسَمْسَائِیْلَ وَ

صَرْنِیَائِیْلَ اَجِیْبُوْا اَیُّھَا الْمُلُوْكُ وَالرُّؤُسَاءُ وَ

اَعِیْنُوْنِیْ عَلٰی قَضَآءِ حَوَائِجِیْ بِحَقِّ مَا تَعْلَمُوْنَ مِنْ عَظِیْمِ

سِرِّ اللّٰہِ وَبِحَقِّ ھٰذَا الْاِسْمِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَللّٰہُ اللّٰہُ

اَللّٰہُ بِعِلْمِکَ وَقُدْرَتِکَ عَلَی الْخَلَائِقِ وَبِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ

الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِیْ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ الْاِسْمُ الَّذِیْ فَضَّلْتَہٗ عَلٰی

سَائِرِ الْاَسْمَآءِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ ھٰذِہِ الْاَرْوَاحَ وَ

اَنْ یَّاْتُوْنِیْ فِیْ نَوْمِیْ اَوْ یَقْظَتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات ہفتوں میں اس عمل کی بدولت نہ صرف بینائی تیز ہو جائے گی بلکہ بفضلہٖ باری تعالیٰ عینک بھی اتر جائے گی۔

⑥ درازی عمر

اس مقصد کے لیے اس نقش کو بعد از نماز فجر زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر سورہ یوسف اکتالیس مرتبہ بمعہ اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس طریق سے دم کریں کہ اس میں آیت مبارکہ

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

اور آیت مبارکہ:

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ

کی تکرار اکیس مرتبہ کریں۔

⑦ دشمن مقہور ہوں

اس مقصد کے لیے اس نقش کو بعد از نماز فجر زعفران و گلاب سے

سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر سورہ یُوسف اکتالیس مرتبہ بمعہ اوّل و آخر دُرود شریف ذیل گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس پر خوشبو لگا کر موم جامہ کریں اور اسے اپنے پاس رکھیں۔

سُورہ یُوسف میں آیات ذیل کی تکرار ہر دفعہ ایک سو ایک مرتبہ کریں۔

روزانہ سُورہ یُوسف بعد از نماز عشاء سات مرتبہ پڑھ کر بارگاہ ایزدی میں دعا بھی مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت تمام دشمن مقہور ہوں گے اور کسی بھی طرح کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

دُرُودِ پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰٓی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

آیت مبارکہ

* وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ○
* وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ○

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

	اللہِ	الرَّحمٰنِ	الرَّحِیمِ
بسم	۱۶۷۹۹۷	۱۶۷۹۸۹	۱۶۷۹۹۴
فاللہ	۱۶۷۹۹۱	۱۶۷۹۹۳	۱۶۷۹۹۶
خیر	۱۶۷۹۹۲	۱۶۷۹۹۸	۱۶۷۹۹۰
حافظا			

واللہ المستعان علیٰ ما تصفون

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِهٖ اِنَّ رَبَّكَ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝

(۶۱) ہولِ دِل سے نجات

ہول دل سے نجات کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش بعد از نماز فجر زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر ذیل کی آیت کا دس سو پینسٹھ (۱۰۶۵) مرتبہ ورد مع اوّل و آخر درود شریف قرآنی اکتالیس اکتالیس مرتبہ کر کے دم کریں اور اس کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے گلے میں پہن لیں انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہول دِل سے نجات مل جائے گی۔ اور آئندہ کبھی بھی یہ نہ ہو گا۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیے۔

٢٥٨	٢٧٢	٢٦٩	٢٦٦	الله
٢٧٠	٢٦٥	٢٥٩	٢٧١	الله
٢٦٤	٢٦٧	٢٧٤	٢٦٠	الله
٢٧٣	٢٦١	٢٦٣	٢٦٨	الله

(٦٢) مخفی حالات و خزائن سے آگاہی

جو کوئی اس امر کا خواہاں ہو کہ اسے مخفی حالات سے آگاہی ہو جایا کرے اور وہ اس کی تدبیر بآسانی کرے تو اس کے لیے ذیل کا عمل آزمودہ اور مجرب ہے لیکن اس عمل کو ناجائز مقاصد کے لیے نہ کریں اسے الٹا نقصان ہو گا (ماخوذ تصحیح کردہ از عمل رضا)

اس کے لیے وضو کر کے اپنے آپ کو عطر لگائیں عطر خسخس یا موتیا ہو اور دوشنبہ (پیر) کے روز حلال رزق سے روزہ رکھیں افطاری جو کی روٹی اور نمک سے کریں اور شب کو باوضو حالت ہی میں ذکر الٰہی کرتے ہوئے سو جائیں بروز سہ شنبہ (منگل) بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے

سبز ریشمی پارچہ پر ذیل کی آیت مبارکہ کا نقش بطریق ذیل بنائیں (زعفران و گلاب سے)
اور اس پر اسی آیت مبارکہ کا چھ ہزار چار صد بنتیس مرتبہ ورد کر کے اس
پر دم کریں اور اسے عنبر و عود کی دھونی دے کر اس کو کسی ایسی شے میں بند
کر دیں جہاں نہ تو کوئی اس کو دیکھ پائے اور نہ ہی آفتاب و ماہتاب کی روشنی
اس پر پڑے۔ دو شنبہ کو بھی روزہ رکھیں اور اس طرح رات کو ذکر الٰہی کرتے
ہوئے باوضو حالت میں سوئیں چہار شنبہ کو بھی روزہ رکھیں اور شب کو..... »

				اللہ
۱۱۰۹	۱۱۱۳	۱۱۱۶	۱۱۰۲	یعلم
۱۱۱۵	۱۱۰۳	۱۱۰۸	۱۱۱۴	ماتحمل
۱۱۰۴	۱۱۱۸	۱۱۱۱	۱۱۰۷	کل انثیٰ
۱۱۱۲	۱۱۰۶	۱۱۰۵	۱۱۱۷	وماتغیض
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم	الارحام
۴۹۸	۵۰۱	۵۰۵	۴۹۱	وماتزداد
۵۰۴	۴۹۲	۴۹۷	۵۰۳	وکل شیء
۴۹۳	۵۰۷	۴۹۹	۴۹۶	عندہٗ
۵۰۰	۴۹۵	۴۹۴	۵۰۶	بمقدار

يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ فِي الْأُمُوْرِ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَطْلِعْنِيْ عَلٰى كُلِّ مَا اُرِيْدُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ کا بکثرت ورد

کرتے ہوئے قبلہ رخ چہرہ کر کے دائیں کروٹ سو جائیں انشاء اللہ العزیز الحکیم جس امر کا پتہ چلانا مقصود ہو گا وہ خواب میں بتلا دیا جائے گا۔

یہ آیت مبارکہ نقش کے نیچے لکھیں۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝

(۶۳) برائے مسان

مسان کو دُور کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کے دو عدد نقوش زعفران و گلاب سے تیار کریں ان پر سُورۃ الرعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں ان میں سے ایک نقش

خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں اور دوسرا پانی کی بوتل میں حل کر لیں اور مریض کو مسلسل اکیس یوم تک اس کا پانی صبح و شام پلائیں انشاء اللہ العزیز الحکیم مریض کی جان آسیب سے چھوٹ جائے گی۔

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۶۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۶۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

(۶۴) وہم کا علاج

وہم کے علاج کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔ اس کے لیے ذیل کا نقش روزانہ بعد از نماز فجر زعفران و گلاب سے چینی کی طشتری پر بنائیں اور اس پر اسی آیت مبارکہ کا اکیس مرتبہ بمعہ اوّل و آخر دُرود شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور عرق گاؤ زبان سے دھو کر نہار منہ پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم کے عمل مسلسل سے ہر قسم کے وہم، شکوک سے نجات کلیہ نصیب ہوگی آزمودہ عمل ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کتب انزلنہ الیک لتخرج

الناس من الظلمت الی النور

باذن ربھم بحق یاشافی یاشافی یاشافی

یاشافی یاشافی

اِلَّا اللّٰہُ

آیت مبارکہ

الٓرٰ قف کِتٰبٌ اَنۡزَلۡنٰهُ اِلَیۡكَ لِتُخۡرِجَ النَّاسَ

مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ۙ بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ

اِلٰی صِرَاطِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَمِیۡدِ ۙ

(۶۵) برائے سحری نامردی

اگر کوئی مرد بندش سحری کی وجہ سے نامرد ہو جائے تو اس سے نجات پانے کے لیے ذیل کا عمل عطیہ بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ بوسیلہ نور محمد چشتی مفید اور مجرب ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش روزانہ زعفران و گلاب سے سفید چینی کی طشتری پر بنائیں اس کو عرق مکوہ اور عرق کاسنی برابر مقدار کے ساتھ دھو کر اس پر سورہ ابراہیم تین مرتبہ پڑھ کر مریض کو نہار منہ پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے ہر قسم کی سحری نامردی کا خاتمہ ہو جائے گا اور مریض پہلے سے زیادہ قوت باہ کا حامل ہوگا۔ بعد از شفاء نیاز بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ ضرور دلوائیں۔ نقش یہ ہے۔

۸۵۲۷۴	۸۵۲۶۸	۸۵۲۷۶
۸۵۲۷۵	۸۵۲۷۳	۸۵۲۷۰
۸۵۲۶۹	۸۵۲۷۷	۸۵۲۷۲

(۶۶) نومولود کی اُمّ الصبیان سے تازندگی حفاظت

نومولود کی ام الصبیان سے تازندگی حفاظت کے لیے ذیل کا عمل آزمودہ اور مجرب ہے۔ اس مقصد کے لیے نومولود کی پیدائش پر ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اسے موم جامہ کر کے

کالی ڈوری کے ساتھ بچے کے گلے میں ڈالیں۔ ڈوری پر اکتالیس مرتبہ پہلا کلمہ پڑھ کر دم کریں اور پھر پہنائیں بچے کا ہاتھ لگا کر گیارہ روپیہ گیارہ فقراء میں تقسیم کر دیں بے حد ضروری ہے۔

ایاک			
نعبد	۸۵۲۷۶	۸۵۲۶۸	۸۵۲۷۴
وایاک	۸۵۲۷۰	۸۵۲۷۳	۸۵۲۷۵
نستعین	۸۵۲۷۲	۸۵۲۷۷	۸۵۲۶۹

(۶۷) سسرال والوں کی ناراضگی دُور کرنا

جس کسی دلہن کے سسرال ناراض رہتے ہوں اور بات بات پر طعنہ زنی کرتے ہوں اور ہر طرح کی خدمت کے باوجود راضی نہ ہوتے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور آزمودہ زود اثر ہے۔ عطیہ محمد ابراہیم قادری رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

اس کیلئے بعد از نماز فجر ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پہ تیار کریں اور اس پر آیت ذیل کا ورد بائیس سو تنتالیس (۲۲۴۶) مرتبہ

کر کے دم کریں اسے موم جامہ کر کے عورت اپنے دائیں بازو پر باندھ اور روزانہ اس آیت کا بعد از نماز فجر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر تصور میں ساس سسر اور دیگر افراد کو پھونک دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اس کے سسرال والوں کی زبان بند ہو جائے گی، اور وہ اس پر مہربان ہو جائیں گے

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۲۹	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۸	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۷
۱۱۳۱	۱۱۲۶	۱۱۲۴	۱۱۳۶

آیت مبارکہ

لَا یَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَیْثُ

تُؤْمَرُوْنَ ۝ وَقَضَیْنَآ اِلَیْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ

دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِیْنَ ۝

نوٹ:۔ بلا جائز ضرورت اس کا استعمال کرنے والے کے لیے باعث ضرر ثابت ہوگا۔

﴿۶۸﴾ پستانوں میں دُودھ کی کمی

جس کسی زچہ کے پستانوں میں دُودھ کی کمی ہو جائے اور علاج معالجہ کے باوصف دُودھ کی کمی زیادتی میں نہ بدلتی ہو اور اس کا بچہ دُودھ کی کمی کے لیے روتا رہے تو ایسے میں دُودھ کی بڑھوتری کے لیے ذیل کا عمل زود اثر اور اکسیر ہے جو عطیہ خواجہ شاہ سلیمان تونسوی چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اسے پانی میں حل کرلیں اور سات یوم تک زچہ کو صبح وشام یہ پانی پلائیں نیز اسی پانی سے اس کے پستانوں کو بھی دھوئیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس کے پستانوں میں بحکم الٰہی اضافہ ہو جائے گا اور بچہ سیراب ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انا نحن نزلنا الذکر

وانا لہٗ لحفظون

یا حافظ

(۶۹) قبولیّت عام

جو کوئی اس بات کا خواہاں کہ اسے قبولیت عام حاصل ہو اور وہ ہر جگہ عزت و آبرو پائے تو ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع بخش ہے۔

اس کے لیے ہرن کی جھلی پر ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس کو موم جامہ کر کے چاندی کی انگوٹھی کے نگینہ عقیق یمنی کے نیچے بند کر کے اس نگینہ کو انگشت شہادت میں پہنیں پھر نظارہ الٰہی خود ہی ملاحظہ فرمائیں۔

(۷۰) باغ اور کھیت کی شادابی

باغ اور کھیت کی شادابی کے لیے شاہ چراغ چمن رحمۃ اللہ علیہ کا

عطیہ آزمودہ اور مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش لکڑی کے چار چوکھٹوں پر کالے مار کر سے بنائیں اور اس پر اسی آیت کا ورد پانچ سو پانچ مرتبہ کر کے ان چاروں چوکھٹوں کو کھیت یا باغ کے چاروں کونوں میں گہرائی میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت وہ کھیت یا باغ ہر قسم کے ضرر سے محفوظ و مامون رہے گا اور اس میں فصل یا پھل بہت زیادہ ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

والارض	و	ا	ل	ا	د	ض	م	د	د
مدونھ	ن	ھ	ا	و	ا	ل	ق	ی	ن
والقین	ا	ف	ی	ھ	ا	ر	ز	ا	س
فیھ	ی	و	ا	ن	ب	ت	ن	ا	ن
رواسی	ی	ھ	ا	م	ن	ک	ل	ش	ی
وانبتن	م	و	ز	و	ن	ج	ع	ل	ن
فیھ	ا	ل	ک	م	ن	ی	ھ	ا	م
من	ع	ا	ء	ش	ل	س	ت	م	ل
کل	لا	ب	ر	ز	ق	ی	ن		
شی									

(۷۱) رُعب و دبدبہ میں اضافہ ہو

جو کوئی اس بات کا خواہاں کہ اہل خانداں اور لوگوں میں اس کا رعب و دبدبہ قائم ہو جائے اور لوگ اس سے ڈریں تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے:۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سرخ پارچہ ریشمی پر بنائیں اس پر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم لوگوں پر دن بدن اس کا رعب و دبدبہ بڑھتا جائے گا نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٓر

٢٩٤٥١	٢٩٤٤٠	٢٩٤٦٣	٢٩٤٥٢	٢٩٤٦٩	٢٩٤٣٤
٢٩٤٣٨	٢٩٤٤٥	٢٩٤٥٨	٢٩٤٦٢	٢٩٤٤٥	٢٩٤٣٦
٢٩٤٦٠	٢٩٤٥٥	٢٩٤٤١	٢٩٤٥٠	٢٩٤٣٥	٢٩٤٦٨
٢٩٤٥٤	٢٩٤٦١	٢٩٤٦٤	٢٩٤٣٩	٢٩٤٤٣	٢٩٤٦٦
٢٩٤٤٢	٢٩٤٤٩	٢٩٤٤٧	٢٩٤٦٧	٢٩٤٥٧	٢٩٤٥٨
٢٩٤٦٤	٢٩٤٣٩	٢٩٤٤٨	٢٩٤٤٣	٢٩٤٥٦	٢٩٤٥٩

وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ

(۷۲) بنجر باغ آباد کرنا

جو باغ بنجر ہو گیا ہو یا اس میں کسی بھی وجہ سے پھل بے حد کم لگتا ہو تو ایسے میں شیخ شفیق بخاری قادری شطاری رحمۃ اللہ علیہ کا آزمودہ عمل ذیل بے حد مفید ہے اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے لکڑی کی تختی پر لکھیں اس کو خوشبو لگائیں اور اس پر سورہ النحل سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو باغ کے درمیان میں واقع کسی درخت پر باندھ دیں۔

اس سے بفضلہ تعالیٰ باغ پھر سے آباد ہونا شروع ہو جائے گا اور بہت جلد مکمل پھل دینا شروع کر دے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۰۰۴۹	۱۳۰۰۴۳	۱۳۰۰۴۲	۱۳۰۰۵۴
۱۳۰۰۴۱	۱۳۰۰۵۵	۱۳۰۰۴۸	۱۳۰۰۴۴
۱۳۰۰۵۲	۱۳۰۰۴۰	۱۳۰۰۴۵	۱۳۰۰۵۱
۱۳۰۰۴۶	۱۳۰۰۵۰	۱۳۰۰۵۳	۱۳۰۰۳۹

يَا مُسَخِّرُ تَسَخَّرْتَ بِالتَّسْخِيْرِ فِىْ تَسْخِيْرِ تَسْخِيْرِكَ يَا مُسَخِّرُ

۷۳ استقاطِ حمل (اٹھرا)

استقاط حمل (اٹھرا) کے علاج کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے عطیہ حاجی رحیم بخش سلطانی قادری رحمۃ اللہ علیہ کا آزمودہ اور مجرب ہے۔ اس کے لیے سرخ کسوم کا رنگا ہوا دھاگہ عورت کے قد کے برابر ماپ کر لیں اور اس کے اکیس دھاگے کر لیں پھر ان دھاگوں میں نو گرہیں اس طریق سے لگائیں کہ ہر گرہ پر آیت ذیل کا ورد تین مرتبہ اور سورہ کافرون ایک مرتبہ پڑھ کر پھونک لگائیں جب دھاگہ تیار ہو جائے تو اس دھاگہ کو عورت کی کمر میں باندھ دیں۔ یہ عمل جب حمل کو تین ماہ گزر چکے ہوں کریں اس کے ساتھ ہی ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سرخ ریشمی پارچہ پر بنا کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ العزیز الحکیم حمل محفوظ رہے گا۔ اور عورت صحیح سلامت بچہ جنے گی۔ بعد از زچگی نیاز فاتحہ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ ضرور دلوائیں۔

آیت مبارکہ

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ
عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ۝
إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ۝

نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۴۱۶	۲۴۲۲	۲۴۲۱
۲۴۲۴	۲۴۲۰	۲۴۱۵
۲۴۱۹	۲۴۱۷	۲۴۲۳

یَا حَفِیۡظُ

(۴۷) جانور کا بیماری کی بناء پر دودھ خشک ہوجانا

اگر کسی جانور کا بیماری کی بناء پر دُودھ خشک ہوجائے اور تمام علاج معالجہ ناکام ہوجائے تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے تین یوم تک ایک پاؤ چنے کا آٹا لے کر اس پر اوّل آخر درُود شریف شفاء سات، سات مرتبہ، سُورہ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ اور آیت مبارکہ۔

وَاِنَّ لَکُمۡ فِی الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ؕ نُسۡقِیۡکُمۡ مِّمَّا

فِی بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا
خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ۝

گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور یہ آٹا جانور کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم
وہ جانور پہلے سے زیادہ دُودھ دے گا۔

دُرُودِ شِفَآءِ قُلُوب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِیَةِ
الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِهَا
وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ دَآئِمًا اَبَدًاؕ

۷۶ ذِکر میں عُروج کمال

جو کوئی طالب حق اپنی چلہ کشی میں کامیابی اور عروج پانے کا خواہشمند ہو تو اس کے لیے عطیہ ابو یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ بے حد اکسیر اور نافع ہے۔

اس کے لیے وہ روزانہ اپنی جائے چلہ کشی پر بیٹھتے ہوئے

ذیل کے نقش کو سبز پارچہ حریر پر خوشخط کر کے بنا کر سامنے رکھے اور اوّل آخر درود شریف ذیل گیارہ ، گیارہ مرتبہ اور آیت ذیل اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ عزوجل کے حضور دُعا مانگے اور پھر اپنے ذکر چلّہ کو شروع کرے قدرت کے عجیب اسرار کا حامل بن جائے گا۔ اور چلّہ بھی بآسانی طے ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	
ل					ل
ا	۷۰۸	۷۰۱	۶۹۵	۷۲۰	۷۱۴	ہ
الل	۷۱۶	۷۱۵	۷۰۹	۷۰۲	۶۹۶ الا	ہ
مح	۷۰۳	۶۹۷	۷۱۷	۷۱۱	۷۱۰	مد
رسول	۷۱۲	۷۰۶	۷۰۴	۶۹۸	۷۱۸	ل
الل	۶۹۹	۷۱۹	۷۱۳	۷۰۷	۷۰۰	ہ

۷۶ برائے لکنت

لکنت دُور کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے بعد از نماز عصر ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر تین مرتبہ سورہ بنی اسرائیل اس طریق سے پڑھیں کہ آیت زیرِ نقش کی تکرار ہو گیارہ مرتبہ کریں اور اس نقش پر دم کر کے اس کو پانی میں حل کر لیں۔ یہ پانی مریض روزانہ صبح و شام اکیس یوم تک پیئے اور اس دوران اس آیت کا اکتالیس مرتبہ بمعہ اول و آخر دُرود شریف شفا گیلو گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم بھی کیا کریں انشاء اللہ العزیز الحکیم لکنت کا مرض بالکل کافور ہو جائے گا اگر اس عمل کو اکہتر یوم تک جاری رکھا جائے تو مرض نسیان کا بھی بفضلہٖ ساتھ خاتمہ ہو جائے اور دوبارہ مرض کبھی بھی نہ ابھرنے پائے گی آزمودہ عمل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۹۶۵۳	۹۶۵۶	۹۶۵۹	۹۶۴۵
۹۶۵۸	۹۶۴۶	۹۶۵۲	۹۶۵۷
۹۶۴۷	۹۶۶۱	۹۶۵۴	۹۶۵۱
۹۶۵۵	۹۶۵۰	۹۶۴۸	۹۶۶۰

بسیدنا کلیم ذی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمؤمنين ولا يزيد الظّٰلمين الا خسارا۔ بحق سیدنا کلیم صلی اللہ علیہ والہ وسلم

۷۷ نئے مکان یا جائے تجارت کو تکالیف و آفات سے حفاظت کا عمل

جب کبھی کسی نئے مکان یا جائے تجارت کو خریدیں یا بنوائیں تو اس کو ہمہ اقسام کی تکالیف و آفات سے محفوظ رکھنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش دو عدد زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اس پر نقش کے مندرجہ آیات کی تکرار ایک سو گیارہ مرتبہ کر کے دم کریں۔ اور کسی گتے پر چسپاں کر کے ایک نقش اس جگہ کے مین دروازے پر اور دوسرا قبلہ رُخ دیوار پر چسپاں کر دیں اس کا ہدیہ ایک سو ایک روپیہ غرباء میں تقسیم کر دیں نہایت ہی مجرب عمل ہے۔

یاجبرائیل بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یامیکائیل

رَبِّ	اَدۡخِلۡنِیۡ	مُدۡخَلَ	صِدۡقٍ	وَّاَخۡرِجۡنِیۡ	مُخۡرَجَ
اَدۡخِلۡنِیۡ	۹۶۴۵	۹۶۵۹	۹۶۵۶	۹۶۵۳	صِدۡقٍ
مُدۡخَلَ	۹۶۵۷	۹۶۵۲	۹۶۴۶	۹۶۵۸	وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ
صِدۡقٍ	۹۶۵۱	۹۶۵۴	۹۶۶۱	۹۶۴۷	مِنۡ لَّدُنۡكَ
وَّاَخۡرِجۡنِیۡ	۹۶۶۰	۹۶۴۸	۹۶۵۰	۹۶۵۵	سُلۡطٰنًا
مُخۡرَجَ	صِدۡقٍ	وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ	مِنۡ لَّدُنۡكَ	سُلۡطٰنًا	نَّصِیۡرًا

یاحافظ یاحفیظ یاحافظ اللہ حافظ اللہ حفیظ

حفظت بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

٧٨ آسیب و جنات بھوت پریت سے نجات !

آسیب و بھوت و جنات، پریت سے نجات کاملہ کے لیے ذیل کا عمل عطیہ سید عبدالوہاب قادری رحمۃ اللہ علیہ بے حد مفید اور زود اثر ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش دو عدد زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں اور ان پر اس نقش میں مندرج آیات کا ستر مرتبہ پڑھ کر ورد کریں ان میں سے ایک نقش خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرا نقش کسی شیشے کے فریم میں لگوالیں۔

مریض اس نقش کو روزانہ صبح و شام اور سونے سے پہلے کم از کم پندرہ منٹ بغور دیکھتا رہے اور دوسرا شخص باوضو حالت میں انہی آیات کا کھلا ورد کرتے ہوئے مریض پر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت آسیب و جنات، بھوت و پریت سے مکمل چھٹکارا مل جائے گا۔ بعد از نجات مریض کو سات نلکوں کا پانی لے کر اس پر انہی آیات کا اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی گیارہ مرتبہ اور چہار قل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اس پانی سے غسل کروا کر نئے کپڑے پہنا دیں اور نیاز جناب غوث پاک دستگیر رحمۃ اللہ علیہ حسب

توفیق تقسیم کردیں۔ نقش یہ ہے۔

۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲۱۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و یوم نسیر الجبال تری الارض بارزۃ و

حشرنٰھم فلم نغادر منھم احدًا ہ و عرضوا علی

ربک صفا ط لقد جئتمونا کما خلقنٰکم اول مرۃ بل

زعمتم الن نجعل لکم موعدًا ہ و وضع الکتاب فتری

المجرمین مشفقین مما فیہ و یقولون یویلتنا

مال ھٰذا الکتاب لا یغادر صغیرۃ و لا کبیرۃ الا احصٰھا و

وجدوا ما عملوا حاضرًا ط و لا یظلم ربک احدًا ہ

لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظّٰلمین

لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظّٰلمین

لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظّٰلمین

لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظّٰلمین

(۷۹) محتاجی اور قرض داری سے نجات

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ ہمیشہ تا زندگی محتاجگی و قرضداری سے نجات رہے اور اس کے ہاں کبھی فقر و فاقہ نہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل

بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

اس کے لیے قمری ماہ عروج میں ساعت شمس میں ذیل کے دو نقوش سبز ریشمی پارچہ پر یا سونے کے پترے پر ان پر خوشبو لگا کر ان پر اکتالیس مرتبہ سورہ کہف پڑھ کر دم کریں۔ ان میں سے ایک نقش اپنے پاس رکھیں اور دوسرے نقش کو گھر میں اناج کے سٹور میں محفوظ مقام پر رکھدیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس کے پاس فقر و فاقہ اور محتاجگی کبھی بھی نہ پھٹکے گی اور پہاڑ مانند بھی بفضلہ پردہ غیب سے ادا ہو جانے کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کہیعص

١٠١١٠٩	١٠١١١٥	١٠١٠٩١	١٠١٠٩٧	١٠١١٠٣
١٠١٠٩٢	١٠١٠٩٨	١٠١١٠۴	١٠١١١٠	١٠١١١١
١٠١١٠۵	١٠١١٠٦	١٠١١١٢	١٠١٠٩٣	١٠١٠٩٩
١٠١١١٣	١٠١٠٩۴	١٠١١٠٠	١٠١١٠١	١٠١١٠٧
١٠١٠٩٦	١٠١٠٢	١٠١١٠٨	١٠١١١۴	١٠١٠٩۵

(۸۰) برائے دردِ شقیقہ

دردِ شقیقہ میں مبتلا افراد کے لیے ذیل کا عمل عطیہ محمد ایوب قادری چشتی

بے حد اکسیر اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر درد شقیقہ کے مریض کو دے دیں وہ درد والی جگہ پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اس کا درد کافور ہو جائے گا اور اسے بفضلہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وکلبھم باسط ذراعیہ بالوصید لو اطلعت علیھم

۱۰۰۷	۱۰۱۳	۹۸۸	۹۹۴	۱۰۰۰
۹۸۹	۹۹۵	۱۰۰۱	۱۰۰۸	۱۰۰۹
۱۰۰۲	۱۰۰۴	۱۰۱۰	۹۹۰	۹۹۶
۱۰۱۱	۹۹۱	۹۹۷	۹۹۸	۱۰۰۵
۹۹۳	۹۹۹	۱۰۰۶	۱۰۱۲	۹۹۲

(۸۱) تازندگی غنا حاصل رہے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے تازندگی غنا حاصل رہے اور اسے زندگی کے کسی بھی مرحلے پر کسی بھی قسم کی بھوک، تنگی معاش

سے واسطہ نہ پڑے اور اس پر ہمہ وقت رحمت الٰہی کا ظہور رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش توحیدی اتوار کو شرف شمس میں باوضو حالت میں زعفران و گلاب اور مشک سے تیار کریں اسے لوبان کی دھونی دیں اور اس پر بہ تعداد ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ بمعہ اوّل و آخر درود شریف ذیل اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے گلے میں پہنیں یا دائیں بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کبھی بھی فاقہ کشی سے واسطہ نہ پڑے گا اور ہمیشہ غنائے الٰہی حاصل رہے گا نہایت کارگر اور مفید عمل ہے۔

درود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ
الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ
الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ
صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ
السَّنِيَّةِ الرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مِنَ الدَّرَجَةِ

النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ

وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ

مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰى يَوْمِ

تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سُورہ ہائے مبارکہ :-

- بسم اللہ شریف (سات سو چھیاسی مرتبہ)
- سُورہ یوسف (اکتالیس مرتبہ)
- سُورہ مریم (اکتالیس مرتبہ)
- سُورہ طور (اکیس مرتبہ)
- سُورہ واقعہ (اکتالیس مرتبہ)

نوٹ :- اس نقش کا ہدیہ ایک سو ایک روپیہ راہ حق میں خیرات کر دیں۔ اور نیاز حضرت خواجہ حبیب کرمانی رحمۃ اللہ علیہ پکا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے

۸۲ دینی و دنیاوی حاجات

جو کوئی دینی و دنیاوی حاجات کی تکمیل چاہتا ہو تو ایسے میں اس کیلئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش بعد از نماز فجر زعفران و گلاب سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر اس کو خوشبو لگائیں اور اس پر سورہ مریم اکیس مرتبہ اور سورہ الفتح سات مرتبہ بمعہ اوّل و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بفضلہ تعالیٰ خزانہ غیب سے حاجات دینی و دنیاوی پورا ہوا کریں گی اور ان میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئے گی۔

درود پاک

اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّنَا يَا كَرِيْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ
كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقِ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ
دَائِمًا اَبَدًا

انا فتحنا لك فتحًا مُّبِينًا

۱۹۸۳۹۸	۱۹۸۴۱۲	۱۹۸۴۰۹	۱۹۸۴۰۵
۱۹۸۴۱۰	۱۹۸۴۰۴	۱۹۸۳۹۹	۱۹۸۴۱۱
۱۹۸۴۰۳	۱۹۸۴۰۷	۱۹۸۴۱۴	۱۹۸۴۰۰
۱۹۸۴۱۳	۱۹۸۴۰۱	۱۹۸۴۰۲	۱۹۸۴۰۸

انا فتحنا لك فتحًا مُّبِينًا

(۸۳) نقشِ معظم برائے حل المشکلات

ذیل میں نقش معظم دیا جا رہا ہے جس کے فوائد حسب ذیل ہیں اور یہ ہر مقصد کے لیے بے حد نافع اور مجرب ہے۔

(عمل حضرت ابو یوسف قریشی بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ)

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر ذیل کے طریق کے مطابق نقوش بنا کر ان پر ذیل کی آیات، سورہ ہائے مبارکہ اور درود پاک پڑھ کر دم کریں اور پھر ان کو استعمال میں لائیں۔

ہمہ اقسام دینی و دنیاوی مشکلات و حاجات	اس نقش کو عروج

ماہ قمری میں شرف قمر میں چاندی کی تختی پر کندہ کروا کر عود و عنبر کی دھونی دیں اور اس کو سبز پارچہ میں بند کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں۔

اس کا ہدیہ ایک سو اکیاون روپیہ بطور ہدیہ راہ اللہ تعالیٰ خیرات کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہر قسم کی مشکلات دور ہو جائیں گی۔ اور ہمہ اقسام حاجات دینی و دنیاوی پردہ غیب سے رواں ہو جائیں گی۔ ہر قسم کی تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

نیز ذیل کا درود شریف اوّل و آخر اکتالیس مرتبہ ضرور پڑھا جائے

دُرُودِ پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ وَاَدْرِكْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللہِ اَدْرِكْنِیْ اَدْرِكْنِیْ اَدْرِكْنِیْ یَا حَبِیْبَ اللہِ یَا نَبِیَّ کَرِیْمَ اللہِ ؕ

آیات و سورہ ہائے مبارکہ:۔

✻ بسم اللہ شریف (سات سو چھیاسی مرتبہ)

٭ آیت الکرسی (اکتالیس مرتبہ)

٭ سورۂ مریم (اکتالیس مرتبہ)

٭ سورۂ طٰہٰ (گیارہ مرتبہ)

٭ سورۂ ملک (گیارہ مرتبہ)

٭ سورۂ ہائے چہار قل (اکتالیس، اکتالیس مرتبہ)

۲- بیماری وصحت کے لیے :-

اس نقش کو شرف شمس میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے تیار کریں اور اس پر درود پاک ذیل اول و آخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور آیات و سورہ ہائے بہ تعداد ذیل پڑھ کر دم کریں اور پانی کی بوتل میں حل کریں۔

اس پانی کو روزانہ دن میں پانچ مرتبہ یہ کلمات ذیل پڑھ کر مریض پیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس سے مکمل صحت و تندرستی حاصل ہو گی۔ بعد از شفاء آٹھ رکعت نفل شکرانہ الٰہی ادا کریں۔

دُرُودِ پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ

وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ

وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ خَلَائِق

آیات مبارکہ و سورہ ہائے مبارکہ:-

- بسم اللہ شریف (سات سو چھیاسی)
- آیت الکرسی (اکتالیس مرتبہ)
- سورۂ مریم (اکیس مرتبہ)
- سورۂ طٰہٰ (گیارہ مرتبہ)
- سورۂ ملک (سات مرتبہ)
- سورۂ لمبے چہار قل (اکتالیس مرتبہ)

کلمات:-

بِسْمِ اللّٰهِ اِشْفِ الصُّدُوْرَ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

(۸۴) پریشان کن سر درد کے لیے

جس کسی کو شدید سر درد لاحق رہتا ہو اور ہمہ وقت پریشانی سے دوچار رہتا ہو اور کسی طور پر اسے آرام نہ آتا ہو اس سے زندگی عذاب

بن گئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کی آیات مبارکہ کو باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر لکھیں، خوشبو لگائیں اور اس پر انہی آیات مبارکہ کا ستر مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور کسی سفید پارچہ میں رکھ کر سر پر باندھ لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سر درد میں اسی وقت کمی ہونا شروع ہو جائے گی اور تین یوم کے اندر اندر ایسی درد سے ہمیشہ کے لیے چھٹکارا مل جائے گا۔ بعدازاں ذیل کے نقش کو سنبھال کر رکھ لیں اور چار رکعت نوافل شکرانہ ادا کرنا ضروری ہے۔

واذکر				
فی	ك	ه ی	ع	ص
الکتب	۷۲۴۰۳	۷۲۴۱۷	۷۲۴۱۴	۷۲۴۱۰
اسمعیل	۷۲۴۱۵	۷۲۴۰۹	۷۲۴۰۴	۷۲۴۱۶
انه	۷۲۴۰۸	۷۲۴۱۲	۷۲۴۱۹	۷۲۴۰۵
کان	۷۲۴۱۸	۷۲۴۰۶	۷۲۴۰۷	۷۲۴۱۳

آیت مبارکہ

کٓھٰیٰعٓصٓ ۝ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ

زَكَرِيَّا ۝ إِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كَمْ مِّنْ نِّعْمَةِ اللّٰهِ عَلٰى عَبْدٍ شَاكِرٍ وَّغَيْرِ
شَاكِرٍ وَّكَمْ مِّنْ نِّعْمَةِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ خَاشِعٍ
وَغَيْرِ خَاشِعٍ وَّكَمْ مِّنْ نِعْمَةٍ عَلٰى كُلِّ خَلْقٍ
سَاكِنٍ وَّغَيْرِ سَاكِنٍ

اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجَعُ لِعِزَّةِ مَنْ لَّهٗ
وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ۝

۸۵ برائے رشتہ لڑکی

جس بچی کا رشتہ طے نہ ہوتا ہو یا سحری بندش کا شکار ہو۔ اور کسی بھی طرح اس کا مسئلہ حل نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل عطیہ میاں الٰہی بخش قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ بے حد فائدہ بخش اور مجرب ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس کو نیم گرم پانی میں حل کر کے اس سے اس طرح سے غسل کریں کہ اس کا پانی گندی نالی میں نہ جائے اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ پہلے سادہ پانی سے غسل کرے بعد میں ٹب میں بیٹھ کر اس پانی سے غسل کریں اور اس پانی کو بعد میں پودوں میں یا چھت کے اوپر پھینک دیں۔ یا قریب دریا، نہر ہو تو اس میں بہا دیں۔ یہ کام

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

۶۶۵۴۶	۶۶۵۳۵	۶۶۵۵۹	۶۶۵۴۸	۶۶۵۶۵	۶۶۵۲۹
۶۶۵۳۳	۶۶۵۹۱	۶۶۵۴۴	۶۶۵۵۸	۶۶۵۴۴	۶۶۵۲۱
۶۶۵۵۶	۶۶۵۵۱	۶۶۵۳۹	۶۶۵۴۵	۶۶۵۳۰	۶۶۵۶۳
۶۶۵۵۰	۶۶۵۵۷	۶۶۵۶۳	۶۶۵۳۱	۶۶۵۴۲	۶۶۵۳۹
۶۶۵۳۷	۶۶۵۴۳	۶۶۵۳۲	۶۶۵۶۳	۶۶۵۵۳	۶۶۵۵۴
۶۶۵۶۰	۶۶۵۳۴	۶۶۵۴۳	۶۶۵۳۸	۶۶۵۵۴	۶۶۵۵۵

طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ

نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور سات جمعرات تک مسلسل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے تمام سحری بندش ٹوٹ جائے گی، اور مناسب رشتے آنا شروع ہو جائینگے۔

(۸۶) جادو اور سحر سے نجات

جو کوئی جادو، سحر اور ٹونے کا شکار ہو یا نظر بد کا شکار ہو گیا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے روز چینی کی بڑی پلیٹ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

إِنَّمَا	صَنَعُوْا	كَيْدُ	سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ أَتٰى	فَأُلْقِيَ
صَنَعُوْا	كَيْدُ	سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ أَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ
كَيْدُ	سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ أَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا
سَاحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ أَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوْا اٰمَنَّا
وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُ	حَيْثُ أَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوْا اٰمَنَّا	بِرَبِّ
السَّاحِرُ	حَيْثُ أَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوْا اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هٰرُوْنَ
حَيْثُ أَتٰى	فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوْا اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هٰرُوْنَ	وَمُوْسٰى
فَأُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا	قَالُوْا اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هٰرُوْنَ	وَمُوْسٰى	إِنَّمَا

پر بنائیں اور اس کو گلاب کے عرق سے دھو کر اس پر اسی آیت مبارکہ کا اکتالیس مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور ایسے شخص کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے اندر اندر تمام سحر، جادو، ٹونہ باطل ہو جائے گا۔ اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

﴿۸۷﴾ بندش پیشاب کا خاتمہ

جس کسی کا کسی مرض یا سحر کی وجہ سے پیشاب بند ہو گیا ہو اور بے انتہا تکلیف سے گزر رہا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے انتہا زود اثر ہے۔ فقیر کا بارہا آزمودہ عمل ہے۔ اس کے لیے ذیل کے دو عدد نقوش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں ان پر اسی آیت مبارکہ کا ایک سو ایک مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ان میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے زرد رنگ کے کپڑے کے اندر بند کر کے مریض کی کمر میں اس طرح باندھیں کہ یہ نقش زیر ناف رہے اور دوسرا نقش پانی والی بوتل میں حل کریں اور روزانہ دن میں پانچ مرتبہ ان الفاظ کے ساتھ مریض کو یہ پانی پلائیں۔ الفاظ یہ ہیں۔

یَا اِلٰہِی شِفَاءُ لَکَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین دن کے عمل مسلسل سے مریض اس مرض سے

شفا پا جائے گا بعد از شفا نیاز حضور غوث پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ حسب توفیق تقسیم کر دیں اور اکیس یوم کے بعد اس کمر والے نقش کو آتار کر دریا یا نہر کے بہتے پانی میں بہا دیں نقش یہ ہے۔

الرحمٰن بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۹

طٰہٰ ۚ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکَ الۡقُرۡاٰنَ لِتَشۡقٰۤی ۙ

اِلَّا تَذۡکِرَۃً لِّمَنۡ یَّخۡشٰی ۙ تَنۡزِیۡلًا

مِّمَّنۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ وَ السَّمٰوٰتِ الۡعُلٰی ؕ

طٰہٰ ۚ طٰہٰ ۚ طٰہٰ ۚ طٰہٰ ۚ طٰہٰ ۚ

۴۱ ۷۸۶

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ؕ

۸۸ دشمن کی زبان بندی

دشمن کی زبان بندی کے لیے فقیر کا اخذ کردہ ذیل کا عمل بے حد آزمودہ اور تیر بہدف ہے اس کے لیے ذیل کا نقش سیاہ گتہ پر سرخ مار کر سے باوضو حالت میں بنائیں اور اس پر انہیں آیات مبارکہ کا دشمن اور اس کی ماں کے اعداد کے مطابق ورد کر کے دم کریں اور اس پر یَا ذَا الۡجَلَالِ وَ الۡاِکۡرَامِ سات سو سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر اس نقش کو کالی ڈوری کے ساتھ کسی درخت

کی اونچی شاخ پر لٹکا دیں۔ جیسے جیسے یہ نقش ہلتا رہے گا دشمن کی زبان گنگ ہوتی جائے گی یاد رہے کہ ناجائز کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

ذالجلال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَ خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۔ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ رَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۔

بندش زبان ہمیش فلاں بن فلاں

دافع لکنت زبان (۸۹)

لکنت زبان کے دفعیہ اور درستی کے لیے ذیل کا نقش مجرب اور مفید ہے اس کے لیے ذیل کے نقش کو زعفران وگلاب سے بعد از نماز عصر سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر نقش کے گرداگرد مندرج آیت کو اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے نقش مریض کے گلے میں باندھ دیں ۔ روزانہ گیارہ یوم تک اس آیت کو شہد پر اکیس مرتبہ دم کر کے مریض کو صبح نہار منہ چٹائیں مریض انشاءاللہ

العزیز الحکیم مکمل شفا پائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ

٦١٣	٦١٧	٦٢٠	٦٠٦
٦١٩	٦٠٧	٦١٢	٦١٨
٦٠٨	٦٢٢	٦١٥	٦١١
٦١٦	٦١٠	٦٠٩	٦٢١

وَيَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً

مِّنْ لِّسَانِیْ يَفْقَهُوْا قَوْلِیْ

(٩٠) دردِ کمر کے لیے

دردِ کمر کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس کے لیے ذیل کی آیات مبارکہ کو شیشے کی پلیٹ پر زعفران و گلاب سے لکھیں اور اس کو روغن بابونہ سے دھو کر سرخ شیشے کی بوتل میں ڈال کر اس کو دھوپ میں تین دن رکھا رہنے دیں بعد میں اس پر اسی آیت مبارکہ کو اکہتر مرتبہ اوّل و آخر درود شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس تیل کی مالش روزانہ ساری کمر، گردن اور رانوں کے پٹھوں پر کریں اور تین گھنٹے بعد غسل نیم گرم پانی سے کرلیں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات تا گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے کمر درد سے ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ○ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ○ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَ تَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ○

(۹۱) شدید دردِ زہگی سے آرام

اگر کوئی زچہ شدید دردِ زہگی میں مبتلا ہو اور کسی طرح آرام نہ پاتی ہو تو ایسے میں تکلیف کی شدت کو کم کرنے کے لیے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے فوری طور پر سفید کاغذ پر بنا کر اسے موم جامہ کر کے عورت کی کمر پر اس طرح باندھیں کہ نقش عین رحم کے اوپر رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فی الفور تکلیف میں کمی ہو جائے گی اور زچہ

بچہ بآسانی جنے گی۔ نقش یہ ہے۔

کُلَّ شَیءٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۳۰۸	۱۳۱۳	۱۳۱۲
۱۳۱۵	۱۳۱۱	۱۳۰۷
۱۳۱۰	۱۳۰۹	۱۳۱۴

(۹۲) برائے بخار

شدید بخار سے آرام کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع ہے اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اسے عرق گلاب و شہد میں حل کریں اس پر ایک ہزار مرتبہ اس آیت مبارکہ کا ورد کر کے دم کریں اور مریض کو مختلف وقفوں سے پلائیں تین سے سات یوم کے اندر اندر بخار کا نام و نشان بھی نہ رہے گا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا

یا نار کونی بردًا وسلامًا

بسم	بسم	بسم
اللہ	اللہ	اللہ
الرحمٰن	الرحمٰن	الرحمٰن
الرحیم	الرحیم	الرحیم

۹۲ ادائیگی قرض

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض ادا کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو جبکہ قرض خواہ بہت زیادہ تنگ کرے کوئی سبیل قرض کی ادائیگی کی پیدا نہ ہوتی ہو اور نہ ہی کوئی اس بارے میں سمجھ آتی ہو کہ کہاں سے قرض ادا کرے یا ایسی صورت حال پیدا ہو جائے کہ کسی نے آپ سے رقم بطور قرض لی ہو اور وہ واپس نہ کرتا ہو تو چاہیئے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے اور نماز فجر کے بعد چار سو پچاس مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھے پھر اسی دن نماز عشاء کے بعد تین سو مرتبہ یہ آیت کریمہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

اس طرح پڑھے کہ تنہائی میں یا مسجد کے گوشے میں بیٹھ کر پڑھے۔ کسی سے کلام نہ کرے۔ ایک پانی سے بھرا ہوا پیالہ اپنے سامنے رکھے ہر چند لمحوں کے بعد اس پانی میں انگلیاں بھگو کر ہاتھ اور چہرے پر ملے۔ پڑھنے سے پہلے اور بعد میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ہر روز عمل ختم کرنے پر نقش پر دم کرے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے جب تک یہ

نقش پاس رہے گا۔ بفضل باری تعالیٰ قرض کے غم سے بچا رہے گا اور مطالبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی اور جب بھی کبھی کوئی ضرورت لاحق ہوگی تو پروردگار عالم اس کی ضرورت پوری کرنے کا سبب پیدا فرما دے گا۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

من الظالمین ۷۴۸ ۱۱۲	انی کنت ۷۵۱ ۱۱۵	انت سبحانک ۷۵ ۱۱۸	لا الٰہ الا ۷۴۱ ۱۰۵
لا الٰہ الا ۷۵۴ ۱۱۷	انت سبحانک ۴۲ ۱۰۶	انی کنت ۷۴۷ ۱۱۱	من الظالمین ۷۵۲ ۱۱۶
انی کنت ۷۴۳ ۱۰۷	من الظالمین ۷۵۷ ۱۲۰	لا الٰہ الا ۷۴۹ ۱۱۳	انت سبحانک ۷۴۶ ۱۱۰
انت سبحانک ۷۵۰ ۱۱۴	لا الٰہ الا ۷۴۵ ۱۰۹	من الظالمین ۷۴۴ ۱۰۸	انی کنت ۷۵۶ ۱۱۹

حسبنا اللہ و نعم الوکیل

حسبنا اللہ و نعم الوکیل

۹۳ اشارہ غیبی

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے اس کے کام کے بارے میں اللہ عزوجل کی طرف سے درست بات معلوم ہو جائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے اس کے لیے نوچندی جمعرات کو سوتے وقت چار

رکعت نماز نفل پاک صاف لباس اور تازہ غسل کے ساتھ اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والضحیٰ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والتین اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اقرا پڑھے نماز دو دو رکعت کرکے پڑھنا ہے۔ بعد از سلام پھیرنے کے ذیل کی آیت کریمہ کو سو مرتبہ اول و آخر درود پاک ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر قبلہ رُخ چہرہ کرکے سو جائے اللہ عزوجل کے حضور اپنے مقصود کی دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کام کے بارے میں خواب میں ساری معلوم ہو جائے گی۔ جس پر عمل کرے۔ اگر پہلے دو روز میں نہ ہو تو اس کو تین دن تک جاری رکھیں ضرور کامیابی ملے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَمۡ تَعۡلَمۡ اَنَّ اللّٰہَ یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ اِنَّ ذٰلِکَ فِیۡ کِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیۡرٌ ۝

(۹۴) برائے اولاد نرینہ

اولاد نرینہ کے لیے ذیل کا عمل عطیہ مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ

علیہ بے حد اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے ہرن کی کھال پر ماہ قمری کی چودہ تاریخ کو تیار کریں اور عورت اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے نقش باندھنے سے قبل چودہ روپیہ غرباء میں تقسیم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اللہ عزوجل اسے اولاد نرینہ سے نوازیں گے۔ مجرب اور اکسیر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَتَرَى	الْاَرْضَ	هَامِدَةً	فَاِذَا	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا
الْمَآءَ	اهْتَزَّتْ	وَرَبَتْ	وَاَنْبَتَتْ	مِنْ	كُلِّ زَوْجٍ
بَهِيْجٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْحَقُّ
وَاَنَّهٗ	يُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَاَنَّهٗ	عَلٰى	كُلِّ
شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَاَنَّ	السَّاعَةَ	اٰتِيَةٌ	لَارَيْبَ
فِيْهَا	وَاَنَّ	اللّٰهَ	يَبْعَثُ	مَنْ	فِي الْقُبُوْرِ

(٩٥) جان و مال کی حفاظت

جان و مال کی حفاظت کے لیے ذیل کا عمل بے حد زود اثر ہے

اس لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے ساعت مشتری میں تیار

کریں اور اس کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں پہن لیں اور اگر گھر کی حفاظت مقصود ہو تو ایسے میں یہ پانچ عدد نقوش موٹے گتے پر بنائیں۔

	بِسْمِ اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
حی	۱۳۷۴۵۱	۱۳۷۴۴۴	۱۳۷۴۴۹
قیوم	۱۳۷۴۴۶	۱۳۷۴۴۸	۱۳۷۴۵۰
حی	۱۳۷۴۴۷	۱۳۷۴۵۲	۱۳۷۴۴۵
قیوم			

(۹۶) آسیب زدہ کا علاج

آسیب زدہ کے علاج کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع ہے یہ عطیہ شاہ شمس الدین مراد آبادی چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید و ریشمی پارچہ پر بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور روزانہ نقش کی عبارت کو سات مرتبہ باوضو حالت میں بیٹھ کر مریض کے کانوں میں پھونک لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم میں آسیب سے مکمل چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں۔

افحسبتم انما خلقنکم عبثا وانکم الینا لا ترجعون

فتعلی	الله	الملک	الحق			
	ومن	یدع	مع	الله	الٰهًا	
	اٰخر	لا	بر	ها	ن	
لہٗ	به	فا	انما	حسا	به	
عند	ربه	انہٗ	لا	یفلح	الکفرون	
و	قل	رب	اغـفر	و		
ارحم	وانت	خـیر	الرا	حمین		

بحق

مُحَمَّدٍ سَیِّدٍ صَاحِبِ السَّیفِ صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ

مُحَمَّدٌ مُحَمَّدٌ

۹۷ نشہ چھڑانے کے لیے

نشہ شراب، افیون، گانجا وغیرہ چھڑانے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید ریشمی پارچہ پر بنا کر اس کو خوشبو لگائیں اور اس پر سورہ مومنون گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور نشئی کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نشئی آہستہ آہستہ نشہ چھوڑ دے گا اور اس سے ہمیشہ کے لیے تائب ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۲۲۷۹۹	۲۲۲۷۹۸	۲۲۲۸۰۶
۲۲۲۸۰۵	۲۲۲۸۰۳	۲۲۲۸۰۰
۲۲۲۷۹۹	۲۲۲۸۰۷	۲۲۲۸۰۲

۹۸ حفاظت و سلامتی

حفاظت و سلامتی کے لیے عطیہ حافظ ارشاد الٰہی سہروردی بے حد نافع

اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش سبز کاغذ پر سیاہ مارکر سے خوشخط کر کے بنائیں اس پر نقش کے اندر مندرجہ آیت مبارکہ کو ایک صد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں اس نقش کا ہدیہ اکیس روپے راہ للہ خیرات کر دیں۔

نقش یہ ہے۔

ط	بسم اللہ	الرحمن	الرحیم	ہ
ط	فاذا استویت انت	ومن معک	علی الفلک فقل	س
ط	الحمد للہ الذی	نجنا من	القوم الظلمین	سم
ط	وقل رب انزلنی	منزلا مبرکا	و انت خیر المنزلین	ہ

(۹۹) کثرتِ احتلام کا علاج

جس کسی کو کثرت احتلام کی شکایت ہو اور شیطانی وساوس و خیالات سے کسی بھی طور چھٹکارا نہ ملتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لیے روزانہ بعد از نماز عشاء تین مرتبہ سورہ نور بمعہ اول و آخر درود پاک غوثیہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں یہ عمل سات تا گیارہ روز جاری رکھیں پھر ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنا کر خوشبو لگائیں اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں اس طرح پہنیں کہ نقش مقام دل پر رہے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس مرض سے مکمل چھٹکارا مل جائے گا۔

درود غوثیہ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶
۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸
۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲
۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱

(۱۰۰) برائے زبان بندی

زبان بندی کے لیے ذیل کا عمل مفید اور اکسیر ہے۔

اُس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اس کے نیچے جن کے زبان بندی مقصود ہے ان کے نام لکھیں اور اس کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں پہنیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دشمنوں کی مکمل زبان بند ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۴۱۵۳	۱۳۴۱۴۸	۱۳۴۱۵۶
۱۳۴۱۵۵	۱۳۴۱۵۲	۱۳۴۱۵۰
۱۳۴۱۴۹	۱۳۴۱۵۷	۱۳۴۱۵۱

زبان بندی ہمیش فلاں بن فلاں

(۱۰۱) برائے دردگردہ

دردگردہ میں مبتلا حضرات کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے اس کے لیے روزانہ بعد از نماز فجر ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے چینی کی پلیٹ پر بنائیں اور اسے شہد کے شربت سے یا عرق گاؤزبان سے دھو کر مریض کو نہار منہ پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے دردگردہ کا نام ونشان بھی باقی نہ رہے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وانزلنا	وفرضنٰھا	انزلناھا
بینٰت	ایت	فیھا
اللہ شافی	تذکرون	لعلکم

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

(۱۰۲) برائے نافرمان اولاد

نافرمان اولاد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر متعلقہ نافرمان بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں اور روزانہ آیت ذیل کو پانچ سو پانچ مرتبہ پڑھ کر متعلقہ بچے پر دم کریں۔ انشاءاللہ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے بچہ تابع فرمان ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے

رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا۔

نقش اگلے صفحہ پر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربنا هب لنا من ازواجنا

٩٠٢	٩٠٥	٩٠٩	٨٩٥
٩٠٨	٨٩٦	٩٠١	٩٠٦
٨٩٧	٩١١	٩٠٣	٩٠٠
٩٠٤	٨٩٩	٨٩٨	٩١٠

و ذریتنا قرۃ اعین

وجعلنا للمتقین اماما

(١٠٣) ظالم کے شر سے حفاظت

جس کسی کا واسطہ ظالم دشمنوں سے پڑ گیا ہو اور وہ بے حد شرارت پر ہر وقت آمادہ رہتے ہوں اور ان کے ظلم و ستم کی انتہا ہو گئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل عطیہ نور محمد مہاروی چشتی رحمۃ اللہ علیہ بے حد مفید اور زود اثر ہے۔ اس کے لیے ذیل کا نقش دو عدد زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں۔ اور ایک نقش موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے اور دوسرا نقش کسی گتہ پر چسپاں کر کے اپنے گھر کی چوکھٹ کے اُوپری حصے پر لٹکا دے۔

انشاءاللہ العزیز الحکیم دشمن ہمیشہ کے لیے شر سے باز آجائے گا اور اس نقش کا ہدیہ اکیاون روپیہ راہ الٰہی میں خیرات کر دیں۔

الرحیم	الرحمن	الله	بسم	
				ایاک
۱۱۷۲۳۹	۱۱۷۲۳۴	۱۱۷۲۴۱		
				نعبد
۱۱۷۲۴۰	۱۱۷۲۳۸	۱۱۷۲۳۶		
				وایاک
۱۱۷۲۳۵	۱۱۷۲۴۲	۱۱۷۲۳۷		
				نستعین

شیطان ابلیس اور دشمنوں کے مکروفریب سے نجات (۱۰۴)

جس کسی پر شیطانی غلبہ انتہا تک پہنچ گیا ہو یا اس کے دشمن اس سے ہر وقت مکروفریب سے کام لیتے ہوں اور وہ ان کے مکروفریب کے ہاتھوں ذلت سے دوچار ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل عطیہ روحانی حبیب احمد کرمانی قادری رحمۃ اللہ علیہ بے حد اکسیر اور آزمودہ عمل ہے۔

اس کے لیے سات دن تک روزانہ صبح کو ایک عدد دیسی انڈہ لے کر اس کے اوپر بطریق درج آیت مبارکہ کالی سیاہی سے لکھیں اور

نقش

وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا

پھر اسی آیت مبارکہ کو سو مرتبہ پڑھ کر اس کے اوپر دم کریں اور اس انڈے کو باہر چوراستہ میں لے جا کر اپنے اوپر سے اپنے پیچھے پھینک کر آگے سیدھا چلا جائے اور دوسری راہ سے گھر میں داخل ہو گھر میں داخل ہونے سے پہلے اچھی طرح منہ ہاتھ دھو کر اسی آیت مبارکہ کا گیارہ مرتبہ اپنے اوپر دم بھی کرے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہمہ اقسام کے مکر و فریب ابلیس و دشمنان سے حفاظت الٰہی میں آجائے گا۔

(۱۰۵) علاج سرسام

سرسام کے مریضوں کے لیے ذیل کا عطیہ عبدالخالق غجدانی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ بے حد مفید ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش مبارکہ زعفران و گلاب سے بوقت

چاشت تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر اس پر آیت ذیل کا ورد چون مرتبہ مع اول و آخر درود شریف مقدس سات، سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو سرخ پارچہ میں لپیٹ کر ڈوری ڈال کر مریض کے گلے میں ڈال دیں نیز روزانہ انہیں آیات کا اکیس اکیس مرتبہ ورد صبح و شام مریض کے سر کے عین درمیان انگلی شہادت رکھ کر کریں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم بہت جلد مریض اس مرض سے مکمل شفایابی پائے گا۔ بعد از شفاء نیاز ہدیہ حضرت بہاؤ الدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ پیش کر دیں آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ۝ وَاِنَّهٗ لَتَنۡزِيۡلُ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوۡحُ الۡاَمِيۡنُ ۝ عَلٰى قَلۡبِكَ لِتَكُوۡنَ مِنَ الۡمُنۡذِرِيۡنَ ۝

نقش اگلے پر ملاحظہ فرمائیں

طسم

نزل

الامین

علی قلبك

لتكون

تلك ایت الكتب المبین

من المنذرین

۱۰۶ تنگی رزق

تنگی رزق کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اکسیر اور آزمودہ عطیہ حبیب الرحمن شامی قادری رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

اس کے لیے ماہ عروج قمری کی نوچندی اتوار کو ساعت شمس میں ذیل

کا نقش سونے یا چاندی کے پترے پر کندہ کروائیں اور اس پر آیت ذیل کا ورد سات ہزار مرتبہ کر کے اس کو دم کریں۔ اس کو عنبر و عود کی دھونی دیں اور سبز ریشمی کپڑے میں بند کر کے اپنے پاس رکھیں روزانہ ان آیات مبارکہ کا اکہتر مرتبہ ورد بمعہ اوّل و آخر دُرود شریف تاج تین تین مرتبہ بعد از نماز فجر کیا کریں اور اس وقت اس نقش کو اپنے سامنے رکھ کر اللہ عزوجل کے حضور رزق کی دُعا مانگا کریں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم بہت جلد تونگری حاصل ہوگی۔ آیت مبارکہ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ ۝ وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ۝

نقش:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

طس

۵۶۶	۵۶۱	۵۶۹
۵۶۸	۵۶۵	۵۶۳
۵۶۲	۵۷۰	۵۶۴

۱۰۷ ہوائی یا سمندری سفر میں حفاظت الٰہی

جو کوئی ہوائی یا سمندری سفر کرے اور حفاظت سے منزل مقصود پر پہنچنے کا خیال رکھتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل شیخ محبوب الٰہی قلندری چشتی کا مفید ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر کالے مارکر سے بنائے اور اس پر اسی آیت مبارکہ کا پانچ سو بائیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اپنے عمامہ یا ٹوپی کے اندر سی لے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت سفر میں ہر قسم کے حادثات سے محفوظ و مامون رہے گا اور اپنی منزل پر بخیریت پہنچے گا۔ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ان

كَلَّا ؕ اِنَّ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ

رَبِّیْ

(۱۰۸) گھر یا دوکان آگ لگنے سے محفوظ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہوں کہ اس کا مکان یا دوکان آگ لگنے ہمیشہ کے لیے محفوظ رہے اور اس کو آگ سے کبھی بھی نقصان نہ پہنچے تو ایسے میں ذیل کا عمل عطیہ شیخ عبدالرحمٰن عراقی رحمۃ اللہ علیہ بہت زیادہ نافع ہے۔ اس کے لیے ساعت عطارد میں سیسے کی تختی پر ذیل کا نقش کندہ کروا کر اُوپر انہیں آیات کا ایک سو ایک اکیس مرتبہ ورد کر کے دم کرے اس کو ہرمل کی دھونی دے اور اس کو مکان یا دوکان میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم وہ دکان یا مکان آگ لگنے سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

فَلَمَّا جَآءَ نُوۡدِىَ اَنۡۢ بُوۡرِكَ مَنۡ فِى النَّارِ وَ مَنۡ حَوۡلَهَا ؕ وَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۞ يٰمُوۡسٰٓى اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۞

یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراہیم

۱۰۹ موذی جانوروں اور کیڑے مکوڑوں سے نجات

گھر کو موذی جانوروں، سانپوں، بچھوؤں، کیڑے مکوڑوں اور چیونٹیوں سے پاک کرنے کے لیے ذیل کا عمل عطیہ امام احمد رضا خان بریلوی قادری رحمۃ اللہ علیہ بے حد فائدہ مند ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر لکھیں اور اس پر خوشبو لگا کر اس پر آیت ذیل اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ساتھ ہی پانی بھی دم کریں پانی گھر کے تمام کونوں اور چیونٹیوں اور کیڑے مکوڑوں کے بلوں میں ڈال دیں اور نقش گیارہ روپیہ غربا میں تقسیم کر کے گھر میں لٹکا دیں انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت گھر ان تمام اشیاء سے پاک ہو جائے گا۔ آیت مبارک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حَتّٰىٓ اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۱۳۶۵۵	۱۱۳۶۵۰	۱۱۳۶۵۷
۱۱۳۶۵۶	۱۱۳۶۵۴	۱۱۳۶۵۲
۱۱۳۶۵۱	۱۱۳۶۵۸	۱۱۳۶۵۳

(۱۱۰) اولاد نرینہ

اولاد نرینہ کے خواہاں حضرات کے لیے ذیل کا عمل عطیہ ابو رزاق قادری بصری رحمۃ اللہ علیہ ہے اور نہایت زود اثر اور مجرب ہے۔

اس کے لیے ذیل کے دو عدد نقوش زعفران و گلاب سے بروز جمعہ بعد از نماز جمعہ زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر لکھیں اور ان میں سے ایک نقش مرد خوشبو لگا کر اپنے دائیں بازو سے اور دوسرا نقش عورت خوشبو لگا کر اپنے بائیں بازو سے باندھ لیں پھر اکتالیس عدد بادام لے کر اس پر اس آیت کا ورد گیارہ ہزار بمعہ درود شفاء اول و آخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر ان باداموں پر دم کریں روزانہ ایک بادام عورت صبح نہار منہ کھا لیا کرے۔

اس کے علاوہ روزانہ بعد از ہر فرض نماز اس آیت مبارکہ

کو اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ عزوجل کے حضور دعا مانگا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اللہ عزوجل صالح نیک فرزند سے نوازیں گے بعد از حصول اولاد حسب توفیق نیاز حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ ضرور دیں۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

(۱۱۲) جوڑوں کا درد اور جذام

جوڑوں کے درد کے لیے عطیہ ابو سلیمان قریشی چشتی رحمۃ اللہ علیہ اکبر کا

درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سُرخ رنگ کے کاغذ پر بنائیں۔ اب زیتون کا تیل لے کر اس کو ابال کر کپڑے سے پُن لیں اور اس تیل کو شیشے کی سُرخ بوتل میں ڈال لیں اور اس میں اس نقش کو بھی ڈال لیں۔ اس شیشی کو ایک ہفتہ دُھوپ میں کسی ایسی جگہ رکھیں جہاں اس پر دن کا بیشتر حصہ دُھوپ پڑتی رہے ایک ہفتہ کے بعد اس شیشی کو اٹھا کر اس تیل پر پانچ سو مرتبہ آیت مبارکہ

طٰسٓمٓ ۝ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝

پڑھ کر دم کریں اور سنبھال لیں۔ روزانہ اس تیل کو رات کو جوڑوں پر مالش کر کے اُوپر سوتی کپڑا لپیٹ دیں۔ تاکہ ہوا نہ لگے۔ صبح کو اُٹھ کر اس تیل کو نیم گرم پانی سے صاف کر دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے اس بیماری سے بفضلہٖ تعالیٰ نجات مل جائے گی۔

برائے جذام

اس کے لیے ذیل کے گیارہ نقش بنائیں اور ان میں ایک نقش کو پانی کی بوتل میں حل کر لیں اس پر سورۃ قصص گیارہ مرتبہ اور اول و آخر دُرود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو نہار منہ پلایا کریں ایک

نقش کا پانی سات یوم تک استعمال میں لائیں اور اگلے ہفتہ دوبارہ تازہ پانی بنائیں اسی طرح دس نقوش دس ہفتوں تک استعمال کرائیں بفضلہٖ تعالیٰ مرض جذام جڑ سے ختم ہو جائے گا اور مریض ہمیشہ کے لیے تندرست و توانا ہو جائے گا۔

گیارہواں نقش بھی حسب بالا دم کر کے خوشبو لگا کر موم جامہ کریں اور مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ اس نقش کا ہدیہ اکتالیس روپے غربا میں تقسیم کر دیں اور بعد از شفاء خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز حسب توفیق تقسیم کر دیں بے حد ضروری ہے۔ نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرائیل — میکائیل — اسرافیل — عزرائیل

۸۰۵۵۳	۸۰۵۴۲	۸۰۵۶۵	۸۰۵۵۴	۵۰۵۷۱	۸۰۵۳۵
۸۰۵۲۹	۸۰۵۶۷	۸۰۵۵۵	۸۰۵۶۴	۸۰۵۴۳	۸۰۵۴۸
۸۰۵۶۲	۸۰۵۵۴	۸۰۵۳۴	۸۰۵۵۴	۸۰۵۳۶	۸۰۵۶۰
۸۰۵۵۶	۸۰۵۶۳	۸۰۵۶۹	۸۰۵۳۷	۸۰۵۴۹	۸۰۵۴۶
۸۰۵۴۴	۸۰۵۵۱	۸۰۵۳۸	۸۰۵۶۸	۸۰۵۵۹	۸۰۵۷۰
۸۰۵۶۶	۸۰۵۴۰	۸۰۵۵۰	۸۰۵۴۵	۸۰۵۵۸	۸۰۵۶۱

طسم تلک آیت الکتب المبین
واللہ غالب علی امرہٖ

طسم تلک آیت الکتب المبین
واللہ غالب علی امرہٖ

طسم تلک آیت الکتب المبین
واللہ غالب علی امرہٖ

(۱۱۲) شرپسند لوگوں کا ظلم و ستم بند کرنا

جس محلے یا بازار/علاقہ میں شرپسندوں کا کوئی گروہ موجود ہو اور وہ لوگوں کو بے حد ستاتا اور ظلم و ستم کرتا ہو اور ان کی دہشت سے لوگ بے حد خوفزدہ ہوں تو ایسے میں فقیر کے مرشد پاک کا عطیہ ذیل کا عمل بے حد مفید اور لاجواب ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش سات عدد زعفران و گلاب جس میں سُرخ روشنائی حل ہے مٹی کی ۲ × ۳ کی ٹکیاں پر بنائیں۔

جس شخص کی اولاد کسی بھی وجہ سے زندہ نہ رہتی ہو اور ہر قسم کے عمل اور ادویات کے باوصف اس معاملہ میں لاچار ہوگیا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ یہ عطیہ روحانی سید عترت علی شاہ کی قادری رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

اس کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر اوّل و آخر درود پاک ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور سورہ کوثر سات سو مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے اور اس کا پانی بنا کر اپنی عورت کو تا زمانہ حمل پلاتا رہے بعد از ولادت بچہ ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ العزیز الحکیم بچہ زندہ رہے گا اور ہر آفت سے محفوظ بھی رہے گا۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّنَا یَا کَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا

نقش اگلے صفحہ پر

(۳۵۱) تجارت میں خیر و برکت

تجارت اور کاروبار میں خیر و برکت کے لیے ذیل کا عطیہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ازحد نافع اور آزمودہ مجرب عمل ہے۔

اس کے لیے تانبے کے تین انچ مربع پترے پر ساعت مشتری میں کندہ کروائیں اور اس پر سورہ کوثر تین سو سترہ مرتبہ بمع اول و آخر درود شریف تنجینا اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنی دوکان یا جائے تجارت کے داخلے

والے دروازے کے اوپر لٹکا دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت کاروبار میں دن بدن ترقی ہوتی جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بحرمتہ

اِنَّآ اَعۡطَيۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ

بحق

سَیِّدِنَا صَاحِبِ الۡکَوۡثَرِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

الۡمَلِكُ الۡحَقُّ الۡمُبِيۡنُ

اَللّٰهُمَّ يَا سَبَبَ مَنۡ لَّا سَبَبَ لَهٗ وَيَا سَبَبَ كُلِّ ذِيۡ سَبَبٍ يَا مُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ مِنۡ غَيۡرِ سَبَبٍ بِحَقِّ سَيِّدِنَا صَاحِبِ الۡكَوۡثَرِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ وَبِحَقِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

۲۵۲ دشمنوں پر غلبہ پانے کے لیے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل رہے تو ایسے میں ذیل کا عطیہ شیر شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ آزمودہ اور مجرب عمل ہے اس کے لیے بروز ہفتہ ساعت عطارد میں ذیل کا نقش سفید ریشمی کپڑے پر کالی سیاہی و زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس کو خوشبو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اعطینٰک

جبرئیل

اِنَّ شَانِئَكَ

هُوَ الْاَبْتَرُ

فلاں بن فلاں

اَبْتَرُ اَبْتَرُ

اَبْتَرُ

لگا کر اس پر سورہ کوثر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو اپنی ٹوپی کے اندر پیشانی کی جانب سی لیں اور دشمن کے سامنے جاتے ہوئے اس ٹوپی کو استعمال میں لائیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت دشمن زیر ہوگا اور کوئی گزند نہ پہنچا سکے گا۔

(۲۵۳) دافع ارواح سفلیہ کے لیے

ارواح سفلیہ کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عطیہ روحانی سید عترت علی شاہ مکی قادری رحمۃ اللہ علیہ از حد مفید اور پر اثر ہے

اس کے لیے ذیل کے آٹھ عدد نقوش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں ان میں سے ایک نقش کو روغن کنجد میں حل کریں اور اس روغن کنجد پر نقش کی آیات و سورہ مبارک ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود تنجینا اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس سے مریض کے جسم اور سر پر روزانہ اچھی طرح مالش کریں چھ گھنٹے بعد مریض کو نیم گرم پانی سے غسل کروا کر اوپر گیارہ مرتبہ سورہ کافرون اور گیارہ مرتبہ نادِ علی کا دم کریں یہ کام اکیس یوم جاری رکھیں۔ بقیہ سات نقوش میں سے ہر تین عدد روز تک ایک نقش پانی میں حل کر کے پلائیں اس طرح اکیس یوم میں سات

قل فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ○

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین

قل

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○ بحق

يٰسٓ يٰسٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ قٓ وبحق لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○

نقوش کا پانی پلائیں مریض یہ پانی روزانہ پانچ مرتبہ پیا کرے گا۔ اکیس یوم کے بعد تمام نقوش کے کاغذ دریا یا نہر کے بہتے پانی میں بہادیں۔ بعد از شفا نیاز غوث الاعظم دستگیر حسب توفیق پکا کر پیش کریں اور تقسیم کردیں۔ ان نقوش کا ہدیہ ایک سو گیارہ روپیہ فقراء و غرباء میں تقسیم کردیں۔ نقش ۵۳۴ صفحہ پر درج ہے۔

(۳۵۴) عورت کی سحری بندش

جس عورت کی کوکھ سحری بندش سے خشک ہوگئی ہو تو ایسے اس کے توڑ کے لیے ذیل کا عمل عطیہ روحانی ابوالبشر حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ ازحد کارگر اور مفید ہے۔

کسی میٹھی شے کو لے کر اس پر ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ بہ تعداد ذیل پڑھ کر دم کریں اور عورت ان کو نہار منہ سات یوم تک کھائے۔ اس کے علاوہ دو عدد نقوش ذیل بھی زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں اور ان پر انہی سورہ ہائے مبارکہ کا بہ تعداد ذیل ورد کر کے دم کریں ان میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالیں اور اکتالیس یوم تک عورت اس پانی کو روزانہ نہار منہ پیئے۔

اور اسی پانی سے غسل بھی کرے یاد رہے کہ یہ پانی گندی نالی میں نہ بہے۔ بلکہ اس کو پودوں یا درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں یہ امر مجبوری چھت پر پھینک دیں جہاں اس پر پاؤں نہ آئے اور خشک ہو جائے۔

بعد از اکتالیس یوم عورت انہی سورہ ہائے مبارکہ کا اپنے اوپر دم کرے اور پھر رات کو اپنے خاوند سے ہمبستری کرے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت عورت کی سحری بندش کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اور وہ حاملہ ہو کر بچے کو ضرور جنم دے گی بعد از ولادت نومولود کے گلے میں یہ عورت اپنے گلے سے نقش اتار کر ڈال دے اور حسب توفیق صدقہ و خیرات تقسیم کرے۔

درود پاک و سورہ ہائے مبارکہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَنْوَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَخْیَارِ وَمِفْتَاحِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ

سورہ فاتحہ ——— اکہتر مرتبہ

سورہ کافرون ——— ایک سو ایک مرتبہ

نقش اگلے صفحہ پر

نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرئیل — میکائیل

اللّٰھم صل علیٰ نور الانوار وسر الاسرار

۲۳۵۷ / ۲۰۰	۲۳۷۱ / ۲۱۴	۲۳۶۸ / ۲۱۱	۲۳۶۵ / ۲۰۸
۲۳۶۹ / ۲۱۲	۲۳۶۴ / ۲۰۷	۲۳۵۸ / ۲۰۱	۲۳۷۰ / ۲۱۳
۲۳۶۳ / ۲۰۶	۲۳۶۶ / ۲۰۹	۲۳۷۳ / ۲۱۶	۲۳۵۹ / ۲۰۲
۲۳۷۲ / ۲۱۵	۲۳۶۰ / ۲۰۳	۲۳۶۲ / ۲۰۵	۲۳۶۷ / ۲۱۰

واصحابه الاخیار عدد نعم اللّٰه وافضاله

عزرائیل — اسرافیل

وَتِرۡیَاقِ الۡاَخۡیَارِ وَمِفۡتَاحِ الۡیَسَارِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الۡمُخۡتَارِ وَاٰلِهِ الۡاَطۡهَارِ

(۳۵۵) ظالم زمیندار سے بچاؤ کا عمل

جس کسی کو ظالم زمیندار سے اپنی زمین چھن جانے کا خطرہ لاحق ہو اور وہ ہر وقت تنگ کرتا رہتا ہو تو اس سے بچاؤ کے لیے ذیل کا عطیہ

نجم الدین رحمۃ اللہ علیہ ازحد نافع اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش مٹی کی پانچ ٹھیکریوں پر بنائیں اور ان پر سورہ فاتحہ سترہ مرتبہ، سورہ اخلاص سترہ مرتبہ، سورہ کافرون اکیس مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قل ... ۹۲۶

۲۳۶۵ / ۲۳۸۹۸ / ۳۳۳۴ / ۵۰۶	۲۳۶۸ / ۲۳۹۰۱ / ۳۳۳۷ / ۶۱۱	۲۳۷۱ / ۲۳۹۰۴ / ۳۳۵۰ / ۶۱۹	۲۳۵۷ / ۲۳۸۹۱ / ۳۳۳۷ / ۶۰۰
۲۳۷۰ / ۲۳۹۰۳ / ۳۳۳۹ / ۶۱۳	۲۳۵۸ / ۲۳۸۹۳ / ۳۳۳۸ / ۶۰۱	۲۳۶۴ / ۲۳۸۹۶ / ۳۳۴۳ / ۶۰۶	۲۳۶۹ / ۲۳۹۰۲ / ۳۳۴۸ / ۶۱۲
۲۳۵۹ / ۲۳۸۹۳ / ۳۳۳۹ / ۶۰۳	۲۳۶۳ / ۲۳۹۰۶ / ۳۳۵۲ / ۶۱۶	۲۳۶۶ / ۲۳۸۹۹ / ۳۳۴۵ / ۶۰۹	۲۳۶۳ / ۲۳۸۹۴ / ۳۳۴۲ / ۶۰۶
۲۳۶۷ / ۲۳۹۰۰ / ۳۳۳۶ / ۶۱۰	۲۳۶۲ / ۲۳۸۹۵ / ۳۳۴۱ / ۵۰۷	۲۳۶۰ / ۲۳۸۹۷ / ۳۳۴۰ / ۶۰۴	۲۳۷۲ / ۲۳۹۰۵ / ۳۳۵۱ / ۵۱۵

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا

بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

ما ... ۱۸۶

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ

يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ

سورہ ملک سات مرتبہ، سورہ معوذتین سات سات مرتبہ اور آیت الکرسی گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ان سے چار ٹھیکریوں کو اپنی زمین کے چار کونوں میں اور ایک ٹھیکری اپنی زمین کے وسط میں دفن کر دے۔

انشاءاللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت وہ زمین ظالم زمیندار کے ہاتھوں چھن جانے سے بفضلہٖ تعالیٰ محفوظ و مامون رہے گی۔

(۲۵۶) دردِ شقیقہ

دردِ شقیقہ سے شفا بخشی کے لیے ذیل کا عمل عطیہ شیخ کبیر الدین رحمۃ اللہ علیہ از حد مفید اور نافع ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اس پر سورۂ نصر اکیس مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور سر پر درد والے مقام پر باندھ دیں

انشاءاللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت دردِ شقیقہ فی الفور غائب ہو جائے گا اور مریض کو آرام آجائے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اذا	جاء	نصر الله	والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین الله	افواجا
جاء	نصر الله	والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین الله	افواجا	فسبح بحمد ربک
نصر الله	والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین الله	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفره
والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین الله	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفره	انه کان
ورایت الناس	یدخلون	فی دین الله	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفره	انه کان	توابا
یدخلون	فی دین الله	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفره	انه کان	توابا	لا یصدعون عنها
فی دین الله	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفره	انه کان	توابا	لا یصدعون عنها	ولا
افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفره	انه کان	توابا	لا یصدعون عنها	ولا	ینزفون

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنۡ شَرِّ کُلِّ عِرۡقٍ نَعَّارٍ وَّمِنۡ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

(۳۵۷) برائے ناف

ناف کے ٹل جانے کی صورت میں ذیل کا عطیہ فقری ازحد آزمودہ

اور مجرب ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان کو موم جامہ کرکے مریض کی کمر میں اس طریق سے باندھیں کہ نقش ناف کے اوپر رہے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل سے ناف اپنے مقام پر آجائے گی اور مریض تندرست ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَاجَآءَ	نَصْرُ	اللّٰهِ	وَالْفَتْحُ	وَرَاَیْتَ
النَّاسَ	یَدْخُلُوْنَ	فِیْ	دِیْنِ	اللّٰهِ
اَفْوَاجًا	فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَاسْتَغْفِرْهُ
اِنَّهٗ	كَانَ	تَوَّابًا	یَاغَفُوْرُ	یَاشَافِیْ
یَاكَافِیْ	یَاغَفُوْرُ	یَاشَافِیْ	یَاكَافِیْ	یَاغَفُوْرُ

۱	۳۶	۳۲	۸
۳۳	۷	۲	۳۵
۶	۳۰	فلاں	۳
۳۴	۴	۵	۳۱

فلاں کی جگہ مریض کا نام لکھیں

(۳۵۸) صرع (مرگی)

صرع کے علاج کے لیے ذیل کا عمل عطیہ محمد ابراہیم قادری رحمۃ اللہ علیہ ازحد اکسیر اور فائدہ بخش ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنا کر موم جامہ کر کے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا شافی — یا کافی — یا کافی — یا شافی

۱۶۸۶۹	۱۶۸۶۷	۱۶۸۵۱	۱۶۸۵۴	۱۶۸۶۳
۱۶۸۵۲	۱۶۸۵۳	۱۶۸۷۴	۱۶۸۶۰	۱۶۸۴۲
۱۶۸۷۵	۱۶۸۶۶	۱۶۸۷۳	۱۶۸۵۳	۱۶۸۵۹
۱۶۸۶۸	۱۶۸۵۴	۱۶۸۶۰	۱۶۸۶۱	۱۶۸۶۴
۱۶۸۵۶	۱۶۸۶۲	۱۶۸۶۳	۱۶۸۶۵	۱۶۸۵۰

مَا خَلْقُکُمْ وَلَا بَعْثُکُمْ اِلَّا کَنَفْسٍ وَّاحِدَۃٍ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ

مریض کے گلے میں ڈالیں اور اجوائن لے کر اس پر اکیس مرتبہ سورۂ نصر پڑھ کر دم کریں اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر مریض کی چارپائی کے سرہانے والے پایہ سے باندھ دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مریض کو اس مرض سے مکمل شفاء حاصل ہو گا۔

(۲۵۹) ہلاکت دشمن کیلئے

ہلاکت دشمن کے لیے ذیل کا عطیہ سید عبدالجبار خاکستری سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نہایت مؤثر عمل ہے اس بات کا خیال رہے کہ بلا اجازت اس عمل کو ہرگز نہ کیا جائے اور نہ ہی ناجائز مقاصد کے لیے استعمال میں لائیں بصورت دیگر خود ہلاک ہو جائے گا۔ اس لیے انتہائی مجبوری کے عالم میں اللہ عزوجل سے کثرت سے استغفار کرتے ہوئے اس عمل کو کریں۔

نوٹ: اس عمل کو اجازت بالکل نہ کریں اس عمل کی عطیہ دینے والے اور فقیر کی طرف سے قطعی اجازت نہ ہے اور نہ ہی دونوں جانب سے اس ضمن میں کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول کی جاتی ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش کچی مٹی کی ٹھیکری پر لوہے کے قلم سے بنائیں اور اس پر ذیل کی عزیمت اکتالیس مرتبہ، سورہ فیل اکتالیس مرتبہ اور سورہ لھب اکہتر مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس مٹی کی ٹھیکری کو کسی طرح دشمن

کے مکان کے دروازے کے آگے زمین میں دفن کر دیں اگر ایسا ممکن بالکل نہ ہو تو اس کو قبرستان میں دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دیں اور اہل قبور کو باآواز بلند کہیں۔

" اے اہلِ قبور! اگر میرا کام نہ ہوا تو روزِ محشر میں مَیں تمہارا دامن پکڑ لوں گا۔"

عزیمت

اَللّٰہُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَاھِرُ کُلَّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِحَقِّ عِزْرَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ نَاصِرُ الْحَقِّ حَیْثُ کَانَ بِہٖ الْحَوْلُ وَالْقُوَّۃُ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ خَامِدُوْنَ یَا عِزْرَائِیْلُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ فلاں بن فلاں اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا السَّاعَۃِ السَّاعَۃِ السَّاعَۃِ ٥

نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ دشمن اور اس کی ماں کا نام لیں۔

نقش اگلے صفحہ پہ

یَا قَاہِرُ قَہرُکُن

۱۴۱۱	۱۴۱۴	۱۴۱۷	۱۴۰۴
۱۴۱۶	۱۴۰۵	۱۴۱۰	۱۴۱۵
۱۴۰۶	۱۴۱۹	۱۴۱۲	۱۴۰۹
۱۴۱۳	۱۴۰۸	۱۴۰۷	۱۴۱۸

یَا قَاہِرُ قَہرُکُن

یَا قَاہِرُ قَہرُکُن

تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَہَبٍ وَّتَبَّ ○ مَآ اَغْنٰی عَنْہُ مَالُہٗ وَمَا کَسَبَ ○ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَہَبٍ ○ وَّامْرَاَتُہٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ○ فِیْ جِیْدِہَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ○

یَا عِزْرَائِیْلُ قَہرُکُنْ بحق یَا قَہَّارُ یَا قَہَّارُ یَا قَہَّارُ

فلاں بن فلاں (یہاں دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھیں)

(۳۶۰) مغلوبی دشمناں

مغلوبی دشمناں کے لیے ذیل کا عطیہ سید عبدالجبار خاکستری سہروردی

رحمۃ علیہ ہے مدموثر اور مفید ہے لیکن اس بات کا خیال رہے کہ اس عمل کو ناجائز بالکل نہ کرے بصورت دیگر خود مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں اور اس کو انڈے کو اندر سے خالی کر کے اس میں دفن کریں اور انڈے کے چھلکے کو بعد احتیاط پرانی قبر میں دفن کر دیں۔

۵۸۲۶

۱۴۵۶	۱۴۵۹	۱۴۶۲	۱۴۴۹
۱۴۶۱	۱۴۵۰	۱۴۵۵	۱۴۶۰
۱۴۵۱	۱۴۶۴	۱۴۵۷	۱۴۵۴
۱۴۵۸	۱۴۵۳	۱۴۵۲	۱۴۶۳

ط ۱۱۱ ۷ ۲ ھ ۶۶ عـه ۱۶۲ ۲ ۱۹۲ ھھ

فلاں بن فلاں تفریق یا مابین فلاں بن فلاں تفریق شد

تفریق شد تفریق شد بحق ت ب ت ی د ا ا ب

ی ل ھ پ و ت ب م ا غ ن ی ص ل ی ت ا

د ا ذ ا ت ل ھ ب و ا م ا ت ھ ح م ا ل ھ ا ل ح ط ب

ف ی ج ی د ھ ا ح ب ل م ن م س د

برائے خونی بواسیر ۲۶۱

خونی بواسیر کے لیے ذیل کا عمل عطیہ ابوالفتح محمد حامد رضوی قادری رحمۃ اللہ علیہ ازحد نافع اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے کچا سوت اکیس تار سرخ رنگ کا ڈیڑھ گز لمبا لے کر اس پر اکیس گرہیں اس طریق سے لگائیں کہ ہر گرہ پر اکیس مرتبہ سورہ لہب پڑھیں جب اکیس گرہیں لگ جائیں تو ان گرہوں پر الٹی جانب سے سورہ یونس لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ پڑھ کر باری باری ہر گرہ پر دم کرے پھر ہر گرہ پر سیدھی جانب سے سورہ ہود کی آیت وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ط پڑھ کر دم کریں۔

اس کے بعد ذیل کا نقش تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر ڈوری کے عین وسط میں باندھ دیں۔ اس گنڈہ کو مریض اس طرح کمر میں باندھے کہ نقش ناف کے عین نیچے رہے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم چند یوم کے اندر اندر اس مرض سے شفا کاملہ مل جائے گی۔ بعد از شفا حسب توفیق نیاز الٰہی پیش کر کے تقسیم کر دیں۔ نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۰۷۳	۲۰۶۶	۲۰۷۱
۲۰۶۸	۲۰۷۰	۲۰۷۲
۲۰۶۹	۲۰۷۴	۲۰۶۷

بندش کاروبار ﴿۳۶۲﴾

بندش کاروبار کے لیے ذیل کا عطیہ از حد نافع اور اکسیر ہے اور یہ عطیہ الواسحاق گاذرنی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

اس کے لیے نوچندی سوموار کو بوقت تہجد اٹھ کر تازہ غسل وضو کے ساتھ آٹھ رکعت نماز نفل یہ تور سحری بندش رزق اس طریق سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص سات، سات مرتبہ پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد پھر سجدہ میں جا کر ذیل کے کلمات اکیس مرتبہ پڑھیں

یَا دَافِعَ الْبَلَاءِ وَالسِّحْرِ وَرَافِعَ دَرَجَاتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَعْبَثَهٗ فِی السِّحْرِ سِفْلِی بِطُفَیْلِ مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰی صَلِّ عَلٰی یَا دَافِعُ یَا دَافِعُ یَا دَافِعُ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

اب سجدہ سے سر اٹھا کر دُرود پاک ذیل

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ وَ دَافِعِ السِّحْرِ وَالسَّاحِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اکیس مرتبہ

دُرود تاج اکتالیس مرتبہ، ناد علی اکیانوے مرتبہ اور سورہ اخلاص ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ عزوجل کے حضور دعا مانگیں اور پانی زیادہ مقدار میں دم کر لیں اور اس پانی کو اکیس یوم تک اپنی دوکان یا جائے تجارت پر چھڑکیں۔

بعد از نماز فجر ذیل کے پانچ عدد نقوش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان کو خوشبو لگا کر ایک نقش موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں اور چار عدد نقوش کو جائے تجارت یا دوکان کی چاروں دیواروں پر چسپاں کر دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت تمام سحری بندش

دُور ہو جائے گی۔ اور دن بدن رزق میں اضافہ ہوتا جائے گا۔

نوٹ :۔ اس نقش کا ہدیہ ایک صد ایک روپیہ غربا، اور مساکین میں تقسیم کر دیں روزانہ بعد از نماز فجر اوّل و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ نادِ علی گیارہ مرتبہ اور سُورہ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھ کر دعا مانگنا اپنا معمول بنالیں۔ تاکہ کوئی بھی رکاوٹ آئندہ پیش نہ آئے۔ نقش یہ ہے۔

	یَامُہَیمِنُ	یَارَزَّاقُ	یَاغَنِیُّ	یَامُغْنِیُ	یَابَاسِطُ	یَامُہَیمِنُ	
بِسْ		۵۲۲۰ ۵۲۲۵ ۵۲۲۸ ۵۲۲۲ ۵۲۲۴ ۵۲۲۶ ۵۲۲۷ ۵۲۲۳ ۵۲۲۶	قُل	هُوَاللّٰهُ	۱۲۵۵۱ ۱۲۵۴۶ ۱۲۵۵۳ ۱۲۵۵۲ ۱۲۵۵۰ ۱۲۵۴۸ ۱۲۵۴۷ ۱۲۵۵۴ ۱۲۵۴۹		مِ
اللّٰـ		اَحَدٌ	اَللّٰهُ	اَلصَّمَدُ	لَمْ يَلِدْ		ـهِ
الرَّحْمٰـ		وَلَمْ يُولَدْ	وَلَمْ يَكُن	لَّهٗ	كُفُوًا اَحَدٌ		نِ
الرَّحِيْـ	بحق یامہیمن	یَارَزَّاقُ	یَاغَنِیُّ	یَامُغْنِیُ	یَابَاسِطُ	بحق یامہیمن	مِ

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ

بحق اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ وَدَافِعِ السِّحْرِ السَّاحِرِيْنَ عَلٰى اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ و بحق درود شریف تاج و نادِ علی

(۳۶۳) برائے حفاظت حمل

حفاظت حمل کے لیے ذیل کا عمل از حد مفید ہے اور عطیہ علی احمد رضوی قادری کا ہے اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اس آیت کریمہ بر نقش ذیل اور سورہ اخلاص اکتالیس اکتالیس مرتبہ بمعہ اول و آخر درود

قل ھو اللہ احد ۔ اللہ الصمد ۔ لم یلد و لم یولد ۔ و لم یکن لہ کفوا احد

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَاۤ اُنْثٰی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی وَاِنِّیْ سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ وَاِنِّیْۤ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّكَفَّلَهَا زَكَرِیَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَیْهَا زَكَرِیَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ یٰمَرْیَمُ اَنّٰی لَكِ هٰذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝

ابراہیمی گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے کمر میں اس طرح باندھیں کہ نقش زیر ناف رحم پر پڑا رہے۔ بعد از ولادت اس نقش کو اتار کر دوبارہ موم جامہ کریں اور بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت زچہ اور بچہ دونوں اللہ عزوجل کی حفاظت میں رہیں گے۔ نیز بچے کو کبھی بھی کوئی تکلیف نہ آئے گی۔

اس نقش کا ہدیہ اکیس روپیہ غرباء میں تقسیم کردیں۔

(۳۶۴) برائے عرق النساء

عرق النساء کے مرض کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عطیہ روحانی بابا موج دریا رحمۃ اللہ علیہ از حد مفید اور نافع ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، سورہ اخلاص اور آیات دو مندرج نقش سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے مریض کی کمر میں باندھ دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم چند دنوں میں اس سے شفا حاصل ہو جائے گی۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمایئے

یا جبرائیل　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○　　یا میکائیل

الحمد للہ رب العلمین ○ الرحمٰن الرحیم ○ مٰلک یوم الدین ○

لو انزلنا ھذا القراٰن علی جبل
لرایتہ خاشعا متصدعا من
خشیۃ اللہ وتلک الامثال نضربھا
للناس لعلھم یتفکرون ○ ھو اللہ
الذی لا الٰہ الا ھو علم الغیب والشھادۃ
ھو الرحمٰن الرحیم ○ ھو اللہ الذی لا الٰہ
الا ھو الملک القدوس السلٰم
المؤمن المھیمن العزیز الجبار المتکبر
سبحٰن اللہ عما یشرکون ○ ھو اللہ
الخالق البارئ المصور لہ الاسماء
الحسنٰی یسبح لہ ما فی السمٰوٰت والارض
وھو العزیز الحکیم ○

ایاک نعبد وایاک نستعین ○ اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین ○

(۳۶۵) شیطانی آگ

بعض لوگ حسد کے مارے سفلی عاملین سے ایسے اعمال کرواتے ہیں

جن سے ان کے زیر طابع غیر مرئی مخلوقات متعلقہ شخص کے دشمن کے گھر یا کاروباری جگہ پر موجود سامان کو آگ لگا دیتی ہیں جبکہ اس آگ کے لگنے کے بظاہر کوئی اسباب بھی نظر نہیں آتے یہ واقعہ بار بار رونما ہوتا ہے جس سے اچھا خاصا نقصان ہوتا رہتا ہے اس کی روک تھام کے لیے ذیل کا عطیہ روحانی بابا غائب علی شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ از حد فائدہ بخش اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز فجر دریا یا نہر کا پانی لے کر اس پر ایک سو گیارہ مرتبہ سورہ فلق بہ ترتیب ذیل اول و آخر درود پاک ذیل اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اس پانی کو دم کریں بعد ازاں کسی عطر پر تین سو تیرہ مرتبہ

عَلیٌ قَادِرٌ عَلیٌ حَاکِمٌ عَلیٌ وَالیٌ عَلیٌ

هَادِیٌ بَستَمْ اِیں مخلوق نادی وشیطانی

بستم بستم

پڑھ کر دم کریں اور اس عطر کو اس پانی میں ملائیں پھر یہ پانی سارے گھر میں بالعموم اور گھر کی چوکھٹ میں بالخصوص چھڑکائیں۔

ذیل کے پانچ عدد نقوش سرخ روشنائی سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان نقوش پر بھی دم کیا ہوا عطر لگائیں اور ان نقوش میں ایک نقش کو گھر کی بیرونی چوکھٹ پر باہر کی جانب اور چاروں نقوش چاروں دیواروں

پر لٹکا دیں۔

اسی طرح جب آپ پانی دم کرنے بیٹھیں تو قدرے ہرمل پر بھی اسی ورد کا دم کریں اور بوقت زوال اس ہرمل کی دھونی بھی پورے گھر میں دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے نہ صرف گھر ان عفریتوں سے پاک ہو جائے گا بلکہ کرنے والے عامل کا عمل بھی اسی کی جانب لوٹ کر اس کی ذات کو بے حد نقصان پہنچانے کا باعث بنے گا اور وہ خود بھی اپنی مشکل میں بحکم الٰہی گرفتار ہو جائے گا۔

سورہ فلق پڑھنے کا طریقہ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۰ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۰ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۰ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ شَرِّ خَلْقَ کُلَّ شَیْءٍ فِی الْکَائِنَاتِ وَالسَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَکُلِّ شَیْءٍ مَکْرُوْبٍ مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اِبْنِ مَخْلُوْقِ نَارِیْ وَ سِفْلِیْ وَالشَّیَاطِیْنِ وَالسَّاحِرِیْنَ وَمِنْ

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ السَّاحِرِيْنَ

وَالسَّاحِرَاتِ الْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثَاتِ ۝ وَ

مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ

حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

دُرُود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا

مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ

مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ وَسَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ

عَلَى الْاَعْدَاءِ بِلُطْفِكَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل جبرائیل میکائیل

اعوذ برب الفلق ۝ من شر ما خلق ۝
ومن شر غاسق اذا وقب ۝ ومن
شر النفثت فی العقد ۝ ومن شر
حاسد اذا حسد ۝ وبحق اللہ
اللہ اللہ قادر علی اللہ اللہ اللہ
قادر اللہ علی مہ مہہ مہہہ مہہہہ مہہہہہ

اسرافیل عزرائیل

عمل نمبر ۲:-

جس گھر میں شیطانی اعمال سے آگ لگنے کے اکثر واقعات رونما ہوتے ہیں اور ان کا ازالہ نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نہایت کارگر ہے۔

(عطیہ بابا غیب علی شاہ قادری)

اس مقصد کے لیے نوچندی جمعرات سے ذیل کا عمل شروع کریں۔

سب سے پہلے گھر کے چاروں کونوں میں باآواز بلند اذان باوضو حالت میں دیں پھر گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر اذان دی جائے اور پھر باآواز بلند

یہ الفاظ دہرائے جائیں۔

" اے مخلوق! تجھے قسم ہے تیرے پیدا کرنے والے کی یہاں سے فوراً کنارہ کش ہو جا اور جس کسی نے تجھے یہاں مسلط کیا ہے، اس کے پاس واپس لوٹ جا بصورت دیگر تجھے جلا کر بھسم کر دیا جائے گا اور اس معاملے میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ "

اس کے بعد بیٹھ کر اپنے اردگرد حصار اس طرح باندھیں کہ انگشت تشہد پر اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور پہلا کلمہ پڑھ کر دم کریں اور اس کی مدد سے اپنے اردگرد۔

عَلِیٌّ قَادِرٌ عَلِیٌّ اَلْحَافِظُ

پڑھ کر تین مرتبہ دائرہ کھینچ لیں۔

بعدازاں اپنے پاس حرمل و گوگل رکھتے ہوئے اس پر ذیل کے طریقے سے سورہ الناس پڑھنا شروع کر دیں۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ قَهْرُ
کُنْ اِیْ مَخْلُوْقِ نَارِیْ وَسِفْلِیْ یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ
مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ ۝ خَنَّاسَ دور شد بحق مَلِكِ النَّاسِ
اِلٰهِ النَّاسِ ۝ شَرِّ مَخْلُوْقِ نَارِیْ سَوختم بحق

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۝ اَلَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ
وَالنَّاسِ ۝ دفع شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ سَوَخْتَمْ
سَوَخْتَمْ سوخْتَمْ کُلَّ شَرِّ النَّارِ خَبِیْثَہٗ سَو
خْتَمْ یا جِبْرائِیْلُ ۝ یا مِیکائِیْلُ ۝ یا اِسْرافِیْلُ
یا عِزْرائِیْلُ یا اَحْکَمَ الْحاکِمِیْنَ یا قادِرُ یا اللّٰہُ
یا اَللّٰہُ یا اَللّٰہُ — تین سو تیرہ مرتبہ

اب اس حرمل و گوگل کو دم کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔

پانی لے کر اس پر ذیل کے اعمال بہ تعداد ذیل پڑھیں اور دم کریں۔

- سورہ الناس — ایک سو گیارہ مرتبہ
- سات سلام — ایک سو اکیاون مرتبہ
- سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝
- سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَ ھٰرُوْنَ ۝
- سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ
- سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝
- وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی ۝

• سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝

• سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

اسم الٰہی علیُ (سات سو سات مرتبہ)

اوّل و آخر دُرود پاک (گیارہ گیارہ مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ عَلٰى اَعْدَاۤءِ سِحْرٌ وَالسَّاحِرِيْنَ بِلُطْفِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اس کے علاوہ ذیل کے پانچ عدد نقوش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اوران کو کسی گتہ پر چسپاں کریں، خوشبو لگائیں اوران پر بھی پانی والا عمل پڑھ کر دم کریں بہتر یہ ہے کہ نقوش پہلے سے بنا کر رکھیں تاکہ پانی اور نقوش دونوں پر ایک ہی مرتبہ میں دم ہو سکے اور دہری محنت نہ کرنا پڑے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ قل اعوذ
برب الناس ۰ ملک الناس ۰ الہ الناس ۰
من شر الوسواس الخناس ۰ الذی یوسوس
فی صدور الناس من الجنۃ والناس ۰
سلٰم علی نوح فی العلمین ۰ سلٰم علی
موسٰی وھارون ۰ سلٰم علی ال یٰس ۰
سلٰم قولا من رب رحیم
والسلام علی من اتبع الھدی ۰ سلام
علیکم طبتم فادخلوھا خلدین ۰ سلٰم
ھی حتی مطلع الفجر ۰

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

سوختم حر النار سوختم حر الشیطان
ابلیس سوختم حر النار ارواح سفلی وسحری
علم والساحرین سوختم سوختم

علی علی علی علی
علی علی علی

قل ان الخ ۔ ۔ ۔ محمد رسول ۔ ۔ ۔ ۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۰

٣٦٦ نظر سحر وحسد سے بچاؤ

نظر سحر وحسد سے بچاؤ کے لیے ذیل کا عطیہ ابو الفتح محمد احمد قادری نقشبندی ازحد فائدہ بخش ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سرخ کاغذ پر بنائیں اور اس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ
مِنْ شَرِّ	مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ	غَاسِقٍ
اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ
وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ	اِذَا	حَسَدَ
١٢٤١٩	١٢٤١٠	١٢٤١٦	١٢٤٠٥
١٢٤٠٨	١٢٤١٣	١٢٤١١	١٢٤١٨
١٢٤٠٩	١٢٤٢٠	١٢٤٠٦	١٢٤١٥
١٢٤١٤	١٢٤٠٧	١٢٤١٧	١٢٤١٢

یا الٰہی بحق این نقش سحر و نظر حسد در وجود فلاں بن فلاں [illegible] دفع شود [illegible] الا باللّٰہ [illegible]

یا الٰہی بحق این نقش سحر و نظر حسد در وجود فلاں بن فلاں دفع شود [illegible] الا باللّٰہ [illegible]

کو موم جامہ کر کے گلے میں پہنیں پہننے سے پہلے اپنے اُوپر سُورۂ فلق گیارہ مرتبہ اور نادِ علی اکیس مرتبہ، اوّل کلمہ ایک تسبیح پڑھ کر دم کریں اور اس کا قدرے پانی بنا کر پی لیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت نظر و سحر و حسد سے مکمل حفاظت الٰہی ہوگی۔

(۳۶۷) علاج سحر وہم کے لیے

سحر وہم کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عطیہ پیر بابا سواتی رحمۃ اللہ علیہ از حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنا کر اس پر آیت مبارکہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ ایک سو اکتالیس مرتبہ سورۂ فلق ایک سو ایک مرتبہ اوّل و آخر دُرود شفا، اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے گلے میں اس طرح پہنیں کہ نقش ہمیشہ دل کے مقام پہ رہے۔ سات یوم تک روزانہ صبح کو بعد از نماز فجر اور رات کو بعد از نماز عشاء بہ تعداد بالا میں آیت مذکور اور سُورہ فلق بمعہ دُرود شفاء کا دم اپنے اُوپر کریں اور پانی بنا کر بھی پیئیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس سحر وہم سے مکمل نجات مل جائے گی۔

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ بحق کٓھٰیٰعٓصٓ

بحق یا رحمٰن ۲۵۲۴	تکذبٰن	ربکما ۲۵۳۰	فبای آلاء ۲۵۱۷
تکذبٰن ۲۵۲۹	ربکما ۲۵۱۸	فبای آلاء ۲۵۲۳	بحق یا رحیم ۲۵۲۸
فبای آلاء ۲۵۱۹	بحق یا رحمٰن ۲۵۳۲	تکذبٰن ۲۵۲۵	ربکما ۲۵۲۲
ربکما ۲۵۲۶	فبای آلاء ۲۵۲۱	بحق یا رحیم ۲۵۲۰	تکذبٰن ۲۵۳۱

۳۶۸ توڑ سحر حُبّ

حُبّ کے سحر کے توڑ اور اس سے نجات کے لیے ذیل کا عطیہ سید عبدالکریم اویسی قادری ازحد نافع اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے بعد از نماز چاشت ذیل کا نقش تین عدد زعفران و

گلاب سے کالے کاغذ پر بنائیں ان میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے مسحور اپنے گلے میں ڈالے یا سیدھے بازو پر باندھے۔

دوسرے نقش کو موم جامہ اس طریق سے کریں کہ نقش کھلا رہے اس نقش کو اپنی بنیان کے اندر اس طرح سی لیں کہ نقش کا لکھا ہوا حصہ دل کے مقام پر بدن سے مسلسل چھوتا رہے۔

تیسرے نقش کو پانی کی بوتل میں حل کریں اور اس پانی کو مریض روزانہ صبح نہار منہ بقسم کافی دفع شود ایں سحر الحب بحق

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

پڑھ کر پیا کرے اس بوتل کا پانی پانچ یوم میں ختم کریں اور پھر نیا نقش بنا کر بوتل میں ڈالیں اس طریق سے اکیس یوم تک اس عمل کو جاری رکھیں اس کے علاوہ مسحور کھلا

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا کَافِیْ بِنُوْدِ حَیّ پڑھا کرے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت سحر الحب کا خاتمہ ہو جائے گا اور اس سے مکمل نجات مل جائے گی۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

٣١٦٨٢ ٢٦١	٣١٦٨٥ ٢٦٤	٣١٦٨٨ ٢٦٧	٣١٦٧٥ ٢٥٤
٣١٦٨٧ ٢٦٦	٣١٦٧٦ ٢٥٥	٣١٦٨١ ٢٦٠	٣١٦٨٦ ٢٦٥
٣١٦٧٧ ٢٥٦	٣١٦٩٠ ٢٦٩	٣١٦٨٣ ٢٦٢	٣١٦٨٠ ٢٥٩
٣١٦٨٤ ٢٦٣	٣١٦٧٩ ٢٥٨	٣١٦٧٨ ٢٥٧	٣١٦٨٩ ٢٦٨

وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سَاجِدِیْنَ ۝ مَاجِئْتُمْ
بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
النَّاسِ سَحَرِ الْحُبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ نَاسِ نَاس
السَّحْرِ الْحُبِّ نَاسِ اِلٰہِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ دفع
شود سَحَرِ الْحُبِّ النَّاسِ نَاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ نَاسِ سَحَرِ الْحُبِّ خَنَّاسِ دفع شود
بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

(۳۶۹) جنسی بندش نامردی

جنسی بندش نامردی کے لیے ذیل کا عطیہ پیر نجیب اللہ قادری بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس کے لیے روزانہ صبح کو بعد از نماز فجر ذیل کا نقش زعفران و گلاب اور شہد سے چینی کی پلیٹ پر بنائیں اور اس کو عرق گلاب و شہد سے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ

اللّٰھم صلّ علیٰ محمد سید الشفعاء ھو من دواع

۲۰۱۵ء / ۱۳۳۴	۲۰۱۸ء / ۱۳۲۸	۲۰۲۱ء / ۱۳۳۰	۲۰۰۸ء / ۱۳۱۶
۲۰۲۰ء / ۱۳۲۹	۲۰۰۹ء / ۱۳۱۸	۲۰۱۴ء / ۱۳۲۳	۲۰۱۹ء / ۱۳۲۸
۲۰۱۰ء / ۱۳۱۸	۲۰۲۳ء / ۱۳۳۲	۲۰۱۶ء / ۱۳۲۵	۲۰۱۳ء / ۱۳۲۲
۲۰۱۷ء / ۱۳۲۶	۲۰۱۲ء / ۱۳۲۱	۲۰۱۱ء / ۱۳۱۹	۲۰۲۲ء / ۱۳۳۱

وانا حسن علی اعلاء آیات ربّ العٰلمین

طسّرہ طسّم طسّم یا حافظ یا حفیظ
یا قادر

فلاں ابن فلاں

دھو کر نہار منہ پی لیا کریں اس کے بعد ذیل کا نقش سفید کاغذ پر بنا کر اس پر سورہ البینہ اکتالیس مرتبہ سورہ الناس اکتالیس مرتبہ اول و آخر درود پاک نقش اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور اس کو خوشبو لگا کر اپنے گلے میں ڈالیں یا پھر سیدھے بازو پر باندھیں۔ نقش باندھنے سے پہلے اکیاون روپیہ فقراء میں خیرات کر دیں۔ پانی پینے والا کام اکتالیس یوم جاری رکھیں۔
انشاء اللہ العزیز الحکیم اس کی بدولت مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

﴿۳۷۰﴾ سحری بندش اولاد

سحری بندش اولاد کے لیے ذیل کا عطیہ میاں فجر الہٰی قادری قلندری رحمۃ اللہ علیہ از حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے دریا یا نہر سے پانی لائیں اور اس میں بیری کے سات پتے ملا کر اس پانی کو خوب پکائیں بعد ازاں اس پانی پر اسم الٰہی عَلِیُّ تین سو تیرہ مرتبہ آیت الکرسی سات مرتبہ جس میں کلمہ

وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۝

کی تکرار سات مرتبہ ہو۔ سورہ الصافات مکمل ایک مرتبہ، سورہ الناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس پانی میں سے دو دو گھونٹ مرد اور عورت پیئیں بعد ازاں اس پانی سے غسل کریں یاد رہے کہ یہ پانی گندی نالی میں نہ بہے

بلکہ پانی والے ٹب میں غسل کر کے اس پانی کو کسی ایسی جگہ جہاں پاؤں نہ پڑتے ہوں پھینک دیں یا پھر پودوں کی کیاری میں ڈال دیں بعد از غسل اپنے اوپر سات مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ سورہ الناس پڑھ کر دم کریں یہ عمل مسلسل گیارہ یوم تک کریں۔ اور بعدازاں ذیل کا عمل بھی کریں۔

(ii) کلونجی کا تیل لے کر اس پر سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران کی آخری دو، دو آیات مبارکہ اکیس، اکیس مرتبہ، سورہ جن کی ابتدائی نو آیات مبارکہ پانچ مرتبہ، چار قل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس تیل کی مالش دونوں میاں بیوی رات کو سوتے وقت اپنے سینے، پیشانی اور پیٹھ کی ہڈیوں پر لگاتار کریں اور کپڑا تان کر سو جائیں صبح کو غسل والے پانی سے غسل کریں اس عمل کو نہانے والے عمل کے ساتھ شروع کریں اور اکتالیس یوم تک جاری رکھیں۔

(iii) ذیل کا عمل سات جمعرات تک باقاعدہ کریں یہ عمل جمعرات کی جمعرات ہوگا اور رات کو باہمی صحبت کرنا بے حد ضروری ہوگا تاکہ بفضلہ باری تعالیٰ حمل ٹھہر سکے اور مطلوبہ مقصد حاصل ہو سکے۔ رات کو عشاء کے بعد باوضو حالت میں اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ اور الحمد شریف معہ بسم اللہ شریف دو سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے نصف مرد اور عورت پی لیں ساتھ ہی شہد اور کالی مرچ بھی رکھیں اور اس پر بھی اس کا دم

کر کے ایک ایک چمچ شہد اور گیارہ گیارہ دلنے کالی مرچ کھالیں۔ نصف رات کو ہمبستری کریں تاکہ مقصود حاصل ہو۔

(۱۷) ذیل کے دو عدد نقوش باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر تحریر کر کے خوشبو لگائیں اور موم جامہ کر کے میاں بیوی اپنے اپنے گلے میں پہنیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم سحری بندش سے بالکل نجات مل جائے گی اور اللہ تعالیٰ اولاد صالح پیدا فرمائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کٓہٰیٰعٓصٓ

قل اعوذ برب الفلق ٥ من شر ما خلق ٥ ومن شر غاسق اذا وقب ٥ ومن شر النفثٰت فی العقد ٥ ومن شر حاسد اذا حسد

٣٦٧١	٣٦٧٥	٣٦٦٨	٣٦٦٣
٣٦٧٧	٣٦٦٥	٣٦٧٠	٣٦٧٦
٣٦٦٦	٣٦٨٠	٣٦٧٢	٣٦٦٩
٣٦٧٣	٣٦٦٩	٣٦٦٧	٣٦٧٩

قل اعوذ برب الناس ٥ ملک الناس ٥ الٰہ الناس ٥ من شر الوسواس ۵ الخناس ٥ الذی یوسوس فی صدور الناس ٥ من الجنۃ والناس ٥ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

(٣٧١) سحری بندشِ رزق

سحری بندشِ رزق کے لیے ذیل کا عطیہ میاں عبدالقادر نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ از حد نافع اور اکسیر ہے۔

ذیل کا عمل بھی بندشِ رزق کے لیے بے حد مجرب، نفع بخش اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر بوقت طلوع آفتاب ذیل کے چار عدد نقوش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے بنائیں اور ایک عدد نقش شرف مشتری میں چاندی کے پترے پر کندہ کریں پھر ان نقوش پر بہ تعداد ذیل سورہ فاتحہ و آیات مبارکہ ذیل پڑھ کر دم کریں۔

چاندی والا نقش فریم کروا کر دکان یا جائے تجارت میں دروازے کے عین سامنے والی دیوار پر لٹکائیں اور بقیہ چاروں نقوش میں ایک نقش کو پانی کی بوتل میں حل کر لیں اور اس پانی کے گیارہ حصے کر لیں روزانہ ایک حصہ پانی میں مزید پانی ملائیں اور دکان یا جائے تجارت پر چھڑکائیں ہر گیارہ روز کے بعد بقیہ نقش بھی پانی میں حل کر کے باری باری پانی چھڑکائیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہر قسم کی بندشِ رزق کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا اور کاروبار بخیر سے رواں دواں ہو جائے گا۔

سورہ و آیات مبارکہ:۔

✳ سورہ فاتحہ (تین سو تیرہ مرتبہ)

✳ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ

عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (چھ ہزار آٹھ سو چھہتر مرتبہ)

✳ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

(چھ ہزار آٹھ سو چھہتر مرتبہ)

اوّل و آخر درود شریف ذیل (اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھیے)

درود تنجینا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا

بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ

لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ

جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى

الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ

جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ٥

نقوش کا ہدیہ ایک سو ایک روپیہ غربا میں تقسیم کریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ولا الضالين آمين	انعمت عليهم غير المغضوب عليهم	اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين	اياك نعبد واياك نستعين	الرحمن الرحيم ملك يوم الدين	الحمد لله رب العلمين
الحمد لله رب العلمين	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين
الرحمن الرحيم ملك يوم الدين	وهو	رسول	بالمؤمنين	عليه توكلت	اياك نعبد واياك نستعين
اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين	[illegible]	فقل	فان تولوا	[illegible]	الرحمن الرحيم ملك يوم الدين
انعمت عليهم غير المغضوب عليهم	حسبي الله	ما عنتم	عزيز عليه	العرش	اياك نعبد واياك نستعين
اياك نعبد واياك نستعين	الحمد لله رب العلمين	انعمت عليهم غير المغضوب عليهم	الرحمن الرحيم ملك يوم الدين	ولا الضالين آمين	اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين

(۴۷۲) السر یا معدے میں زخم

ناقص غذاؤں کی وجہ سے یہ مرض عام ہو گیا ہے۔ چٹ پٹی، مرچ گرم مصالحہ تلی ہوئی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

اس نقش کو روزانہ صبح، شام اور رات پلیٹ میں لکھ کر پانی سے دھو کر پلانے سے السر اور معدہ میں زخم کی شکایت ختم ہو جاتی ہے۔ نقش یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۵	۱۴	۱۶	۱	۲۱	۳۲	۱۷
۸	۶	۲	۲۶	۲۳	۱۸	۲۳
۱۰	۳	۷	۲۹	۱۹	۲۳	۲۲
۴	۱۵	۹	۲۰	۳۰	۲۷	۲۵
۱۳	۱۶	۱۱	۳۵	۳۴	۳۱	۲۸

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم۝

(۳۷۳) رعشہ کے لیے

کسی مومی کاغذ پر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ ۝

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝

لکھ کر ایک تعویذ گلے میں پہنا دیں اور ایک تعویذ صبح نہار منہ روزانہ پانی سے دھو کر پلاتے رہیں انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

(۳۷۴) رسولی کے لیے

رسولی جسم میں کسی بھی جگہ ہو کاغذ یا پلیٹ پر زرد رنگ یا زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر دن میں تین وقت ۹۰ دن پلائیں یہاں تک کہ رسولی ختم ہو جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

⊗ ⊗ ⊗ ⊗ ⊗

(۲۷۵) بچھو یا سانپ کے کاٹے کا علاج

اس میں بچھو، سانپ یا کسی زہریلے کیڑے کا کاٹنا شامل ہے۔ کسی زہریلی دوا کا ری ایکشن (REACTION) ہو گیا ہو تو بھی یہی تعویذ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

چینی کی پلیٹ میں زرد رنگ سے لکھ کر بار بار دھو کر پینے سے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

نقش یہ ہے۔

یَا رَحِیْمُ　یَا اَللّٰہُ　یَا مُرِیْدُ

یَا رَحِیْمُ	یَا اَللّٰہُ	یَا مُرِیْدُ

یَا رَحِیْمُ　یَا اَللّٰہُ　یَا مُرِیْدُ

یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

(۳۷۶) حسبِ منشا شادی کے لیے

تعویز لکھنے کا طریقہ: مندرجہ ذیل نقش کے اُوپر باریک کاغذ رکھ کر خانے بنائیں اور کاغذ کو الگ کر کے اُوپر بسم اللہ شریف لکھیے پھر خانہ پُری اس طرح کریں جس طرح نقش پر لکھا گیا ہے۔ پہلے نمبر ا پھر نمبر ۲ کی خانہ پُری کی جائے۔ اسی طرح ترتیب سے آٹھوں خانے لکھ لیں پھر اس کے نیچے مُحِب (یعنی شادی کرنے والے کا نام اور اس کی والدہ کا نام) اس کے بعد اَلْحُبُّ لکھ کر محبُوب (یعنی جس سے شادی کرنا مقصُود ہے کا نام اور اس کی والدہ کے نام لکھیں۔ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ

(۳)	وَلَمْ	یُوْلَدْ	وَلَمْ	یَکُنْ
(۵)	ھُوَ	اللّٰہ	اَحَدٌ	اَللّٰہُ
(۷)	یُوْلَدْ	وَلَمْ	یَکُنْ	لَّہٗ
(۱)	قُلْ	ھُوَ	اللّٰہُ	اَحَدٌ
(۶)	الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ	وَلَمْ
(۴)	لَہٗ	کُفُوًا	اَحَدٌ	قُلْ
(۲)	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ
	(۸)	کُفُوًا	اَحَدٌ	

.... اَلْحُبُّ ....

یہ تعویذ محب اپنے تکیہ کے نیچے رکھے۔ اگر بہت جلد اثر مطلوب ہو تو دو پتھروں کے درمیان رکھیں۔ ہر پتھر کا وزن کم سے کم دو، دو کلو ہو۔ یہ پتھر زمین پر رکھیں ضروری ہے۔

یہ عمل صرف جائز مقصد کے لیے کیا جائے۔ ناجائز کام کے لیے نہ کریں ورنہ نقصان ہو گا۔

۳۷۷ گردہ میں درد

گردہ کا درد، ریاحی ہو یا پتھری کی وجہ سے ہو دونوں حالتوں میں کسی مومی کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ڈوری کے ساتھ کمر میں اس طرح باندھیں کہ تعویذ گردوں کے قریب رہے اس نقش کو پانی سے دھو کر پلانا بھی مفید ہے اگر پتھری ہوگی تو بھی آہستہ آہستہ ریت بن کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گی نقش یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ك م ن ق ٥

اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

اِستفادَہ

طلسمات سیّارگان

انوار نجوم کے مطابق ہر طلسم جس ستارہ سے منسوب ہے اس کا وہی شرف کہلاتا ہے اس لیے ہر طلسم کا عمل عروج اس کے شرف کے اندر ہوتا ہے۔ اور جس نظر کے ساتھ وہ اپنے کسی دوست یا دشمن کے گھر میں ہو ویسے ہی اثرات پیش کرتا ہے۔

زیر نظر نقوش و اوراد کو پہلے پہلے ابن مینی الکوکبی نے اشارہ غیبی کے تحت مرتب کیا اور دائرہ کو ہر طلسم سیارگان کے موافق سیٹ کیا جس میں بعد میں حکیم ابو جنبی خراسانی نے قدرے ترمیم و اضافہ کے ساتھ موجودہ شکل میں اجاگر کیا جو اس کے شاگردوں کی وساطت سے سینہ بہ سینہ آگے نسلوں میں منتقل ہوتے رہے اور جن کو پانے کے لیے بے شمار اہل علم اور متلاشیانِ اسرار النجوم نے تگ و دو کی۔

یہ اوراد طلسم مختلف وساطتوں سے میرے رہبر و رہنما جناب سید محمد علی شاہ قادری مدنی کے پاس آئے جن کو انہوں نے بے شمار طریقوں سے

آزمایا اور درست پایا۔

فقیر کو بصد مشکل ان سے یہ ملے اور فقیر نے انہیں زیر نگرانی بعض صورتوں میں انہیں برتا اور فائدہ بخش پایا اور بالآخر اس کی اجازت عام شائقین اسرار الافلاک کے لیے مانگی جو بعد از بسیار کام صرف اس شرط پر عنایت ہوئی کہ اس کے موٹے موٹے نقاط ظاہر کر دیئے جائیں اگر کوئی ان کو کسی کامل شخص کی زیر نگرانی درست طریقہ سے بروئے کار لائے گا تو نہ صرف بے حد فائدہ اٹھائے گا بلکہ ان کے اندر چھپے ہوئے بے شمار اسرار سے بھی بخوبی واقف راز الہٰی ہوگا۔

عام لوگوں کے استفادہ کے لیے ذیل میں عمومی طریقہ استعمال دیا جا رہا ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر دائرہ و طلسم کو اس کے شرف میں اس وقت سفید کاغذ پر تیار کریں جب وہ ہر قسم کی نظر تسدیس و رجعت سے مبراء ہو اور پھر اس کو خوشبو لگا کر اس سیارہ کے موافق نگینے کے اندر بند کر کے چاندی کی انگوٹھی میں بند کر لیں اور ستر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور ستر مرتبہ پہلا کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھ کر انگشت شہادت میں پہن لیں پہننے سے پہلے اس کا ہدیہ پانچ صد یا پانچ روپے فقراء و غرباء میں خیرات ضرور کر دیں نیز ہر سیارہ کے رجحان کے موافق صدقہ جان و مال بھی تقسیم

کردیں تاکہ ان کے مثبت اور مفید طلب اثرات سے بخوبی استفادہ حاصل ہو۔ اس حد تک فقیر کی جانب سے اجازت عام ہے۔ اس سے زائد پانے کے شائقین فقیر سے براہ راست رجوع کریں۔ اگر مناسب سمجھا گیا تو ان کی اس معاملہ میں رہنمائی کردی جائے گی۔ بصورت دیگر معذرت کرلی جائے گی۔

(فقیر محمد جاوید قادری)

دائرہ
زہرہ
دائرہ
زحل

طلسم زہرہ ♀

عاھالامہلہ
آلالمسکمص

فوائد طلسم زہرہ

حلقہ احباب میں وسعت، آمدن، عزت و وقار اور شہرت میں اضافہ، سیلزمین شپ اور ہر طرح کی نسوانی امراض سے شفاء کے لیے تسخیر مخلوق، تسخیر محبوب، تسخیر زن، کاروباری ترقی کے لیے یہ طلسم بہت فائدہ مند ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ

طلسم زحل ♄

فوائد طلسم زحل

علم میں ترقی کے لیے، امراض میں افاقہ کے لیے، قوت مردانہ، آمدن و عزت و وقار میں اضافہ کے لیے یہ طلسم بہت فائدہ مند ہوگا۔ انشاء اللہ

دائرہ مریخ

دائرہ عطارد

طلسم مریخ ♂

۵	۵	۵

ع ع ا ہ د ص

س س س

فوائد طلسم مریخ

کام کاج کی صلاحیت بڑھانے، صحت و قوت مردی، دشمنوں پر غلبہ اور ان کے شر سے بچنے کے لیے نظر بد، ہوائی اشیاء یا آسیب سے بچنے کے لیے یہ طلسم بہت فائدہ مند ہو گا۔ انشاء اللہ

طلسم عطارد

ممه	مه	د
عسرلا	ع	ص
مسلسا	مکا	

فوائد طلسم عطارد

تسخیر افسران و حکام بالا، مقابلے کے امتحان یا عام امتحان میں کامیابی کے لیے اور بچوں کے ڈرنے و صحت کے لیے ذہنی قابلیت بڑھانے حصول علم میں آسانی یا مباحثہ علم میں برتری، امراض میں افاقہ و تندرستی کے لیے یہ طلسم بہت فائدہ مند ہو گا انشاء اللہ

دائرہ آفتاب
دائرہ قمر

طلسم آفتاب ◉

هـ م
س ک ھ م ھ م س ط
م ع ع
ط ء

فوائد طلسم آفتاب

بلندی مرتبہ جاہ وحشمت، سیاسی وسماجی کامیابی، دشمنوں پر غلبہ

اوران کے شر سے بچنے کے لیے یہ طلسم بہت فائدہ مند ہوگا۔

اِنْشَاءَاللّٰہ

طلسم قمر

ہ ہ ہ ہہ ہ ل
طسطسھما لا
ااا ع ہ س ص مرمر

فوائد طلسم قمر

نصیب کشائی، زراعت و باغات کی ترقی، حصول علم، حصول اولاد غرض ہر نیک مقصد میں کامیابی کے لیے یہ طلسم بہت فائدہ مند ہوگا۔ انشاءاللہ

دائرہ مشتری

الحمد لله رب العلمین صدق الله العظیم ان الذین امنو وعملوا الصلحت
منیع
رفیع
علی
متعال
الحی القیوم
علی عظیم
وعنت الوجوه
عزیز علیم

طلسم مشتری

فوائد طلسم مشتری

سعد اکبر، خیر و برکت، دولت و عزت کا مالک ہے۔ اس کا شرف 12 سال بعد آتا ہے۔ ان میں سے کسی بھی مقصد کے لیے یہ طلسم بہت فائدہ مند ہوگا۔ انشاءاللہ

اسلام میں
حیوانات کے احکام
101
ایک سو ایک
اولیاء اللہ
خواتین
اسلام میں
غربت کا علاج
بختیار کاکی
پیغمبر اسلام
اور
تجارت
عورتوں کے خواب
اور
ان کی تعبیر